https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC Certified

کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ

Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | منگل 29 ستمبر 2026ء | 14 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 166

نواز شریف کی جمہوریت اور جمہوری اداروں کیلئے قربانیاں قابل قدر ہیں، جعفر مندوخیل

میاں محمد نواز شریف نے پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا اور جمہوریت کی پاسداری، سیاسی جدوجہد اور ملک میں جمہوری عمل کے تسلسل کیلئے بڑی قربانیاں دی ہیں

''دی رئیل ڈیموکریٹ انٹرنیشنل سول ایوارڈ'' کو میاں محمد نواز شریف سے منسوب کرنا ایک قابلِ تحسین اقدام ہے' گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ میاں محمد نواز شریف تین مرتبہ پاکستان کے وزیراعظم رہ چکے ہیں پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا اور جمہوریت کی پاسداری، سیاسی جدوجہد اور ملک میں جمہوری عمل کے تسلسل کیلئے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ پاکستان کیلئے گراں قدر خدمات ہیں۔ قائد میاں محمد نواز شریف کی جمہوریت اور جمہوری اداروں کے استحکام کیلئے خدمات اور قربانیاں قابلِ قدر ہیں۔ ان (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں امن، حکومت دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے، عطاء تارڑ

ڈی آئی خان چیک پوسٹ حملے میں ملوث دہشت گرد کا سراغ بھی کابل سے ملا ہے، خیبر پختونخوا حکومت کا دہشت گردوں اور افغانستان کے حوالے سے معاندانہ نرم رویہ، سہولت کاری اور مجرمانہ غفلت ملک کو دہشت گردی کی آگ میں دھکیل رہی ہے

پاکستان میں گزشتہ ڈھائی سے تین سال کے دوران ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں اور حملہ آور تشکیلوں میں 70 فیصد افغان شہری ملوث ہیں، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے، اے این پی، مسلم لیگ (ن)، جے یو آئی کی قیادت دہشت گردی کے خلاف جانوں کی قربانی دے چکے ہیں، صرف پی ٹی آئی کو دہشت گرد کچھ نہیں کہتے، ایسا کیوں ہے؟، سیاست کے بھی کچھ اصول ہوتے ہیں، پی ٹی آئی تمام حدود پار کر چکی ہے، خیبر پختونخوا حکومت ہر شعبے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے، فنڈز پولیس کی بجائے دھرنوں پر خرچ کر رہی ہے جبکہ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان میں گزشتہ ڈھائی سے تین سال کے دوران ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں اور حملہ آور تشکیلوں میں 70 فیصد افغان شہری ملوث ہیں جبکہ ڈی آئی خان چیک (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

کمپیوٹرائزڈ، شناختی کارڈ پر مبنی نظام سے مریضوں کا ریکارڈ با آسانی دستیاب ہوگا' احد چیمہ

صحت، تعلیم، تجارت اور دیگر شعبوں سے متعلق ان منصوبوں کا جائزہ اتھارٹی کے آئندہ اجلاس میں لیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور واسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ نے کہا ہے کہ تمام شعبوں میں ترقی کو فروغ دینے اور عوامی خدمات میں (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے پر مذاکرات

ساورن ویلتھ فنڈ اور گردشی قرض میں کمی سے متعلق اقدامات پر آئی ایم ایف کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے پر مذاکرات شروع ہوگئے جس میں معاشی کارکردگی، اصلاحات اور مختلف شعبوں سے متعلق امور پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی حکام کی (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے جماعت اسلامی کے مطالبات پر ورکنگ پلان طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے جماعت اسلامی کے مطالبات پر ورکنگ پلان طلب کرلیا، متعلقہ وزارتوں (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگے تو بالکل لگنی چاہیے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگے تو بالکل لگنی چاہیے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا دی رئیل ڈیموکریٹ میاں محمد نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ کی مناسبت سے تقریب رونمائی کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

احسن اقبال کی ازبکستان کے نائب وزیر سرمایہ کاری الزت کاسی موف سے ملاقات

ازبکستان، افغانستان، پاکستان ریلوے منصوبے کو محض ریلوے منصوبے کے طور پر نہیں

منگولیا (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے منگولیا میں ازبکستان کی وزارت سرمایہ کاری، صنعت و تجارت کے نائب وزیر الزت کاسی موف کی سربراہی میں وفد سے ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقائی رابطوں، سرمایہ کاری اور بین الاقوامی مالی معاونت کے حصول سمیت بالخصوص ازبکستان، افغانستان، پاکستان ریلوے منصوبے پر (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کا بنیادی مسئلہ پسماندگی نہیں غلط بیانیہ ہے، سرفراز بگٹی

جب تک افسران گراؤنڈ پر آ کر حالات کا مشاہدہ نہیں کریں گے انہیں زمینی حقائق کا درست علم کیسے ہوگا' بلوچستان کے مسئلے کو حقائق اور تاریخی تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے

بلوچستان کے مسائل اور وہاں کے عوام کی ضروریات کو سمجھنے کیلئے زمینی حقائق سے آگاہی ضروری ہے پالیسی سازی اور انتظامی فیصلوں میں مقامی حالات، عوامی ضروریات اور حقیقی مسائل کو سامنے رکھنا ہوگا

لاہور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے کا بنیادی مسئلہ پسماندگی نہیں بلکہ غلط بیانیہ ہے۔ حقائق اور تصور میں فرق کو سمجھنے کی ضرورت ہے بدقسمتی سے دور حاضر میں بلوچستان کی درست تاریخ بیان نہیں کی جاتی، پسماندگی پاکستان کے ہر صوبے میں موجود ہے، تاہم اس بنیاد پر کہیں بھی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے یا ریاست کو ختم کرنے کی بات نہیں کی جاتی۔ بلوچستان کو توڑنے کا خواب بھی پورا نہیں ہوسکتا، آئین کا آرٹیکل 5 ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، نوجوان نسل اور ریاست کے مابین خلیج کو کم کرنے کیلئے ہر سطح پر اپنے نوجوانوں کو سن رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیاسی لوگوں سے مذاکرات کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، تاہم ہم ہتھیار اٹھانے والوں سے مذاکرات نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ آنے والے ملکی و غیر ملکی مہمانوں کو صوبے کی ترقی، ثقافت اور خوبصورتی کا مثبت تاثر ملنا چاہیے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، صوبائی دارالحکومت کی خوبصورتی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور شہری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ کوئٹہ آنے والے ملکی و غیر ملکی مہمانوں کو صوبے کی ترقی، ثقافت اور خوبصورتی کا مثبت تاثر ملنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کی پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات

لاہور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو لاہور میں پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی صدر چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات کی اور ان کی مزاج پرسی کی۔ ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی اور ان کی صحت کے بارے میں آگاہی حاصل کی

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیرہ اسماعیل خان، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الخوارج کے 4 دہشتگرد جہنم واصل

ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور افغانی کرنسی برآمد کر لی گئی محسن نقوی کا کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

سیکیورٹی فورسز ملک میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے پوری طرح پرعزم ہیں' وفاقی وزیر داخلہ

ڈی آئی خان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام ویژن کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے دہشت گردوں کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھتے ہوئے ان کے خلاف کامیاب کارروائی کی۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات سالانہ 20 فیصد ترقی کر رہی ہے، شزا فاطمہ خواجہ

وزیراعظم کے مقرر کردہ 25 ارب ڈالر کے برآمدی ہدف پر سنجیدگی سے گامزن ہیں، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ 20 فیصد سے (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی افغانستان وار کمیشن کے وفد کی ملاقات

امریکی وفد کا افغانستان میں تنازع کے دوران پاکستان کے دیرینہ کردار اور قربانیوں کا اعتراف

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے پیر کو امریکی افغانستان وار کمیشن کے وفد نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور افغانستان میں امریکی جنگ کے دوران پاکستان کی معاونت پر گفتگو کی گئی۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق وفد کی سربراہی شائلہ این چودھری اور ڈاکٹر (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

شزہ فاطمہ کا ہواوے گلوبل سروس سینٹر کا دورہ، مختلف شعبوں کا معائنہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے چینی کمپنی ہواوے کو پاکستان میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر کے (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

ایس سی او رکن ممالک کے نیشنل کوارڈی نیٹرز کا اجلاس، بھارتی وفد پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم رکن ممالک کے نیشنل کوارڈی نیٹرز کے اجلاس کیلئے دو سال بعد بھارتی وفد پاکستان پہنچ گیا۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

امریکا کا آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ مسترد

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کے ایرانی دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اس اہم بحری گزرگاہ پر مکمل اختیار (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

فیصلہ سازی میں نظرانداز کرنے پر تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پی ٹی آئی میں اختلافات پیدا ہوگئے

پی ٹی آئی نے لانگ مارچ کا ایجنڈا صرف بانی کی رہائی تک محدود رکھا، تحریک تحفظ آئین پاکستان کا موقف

اسلام آباد (این این آئی) 27 ستمبر کو لانگ مارچ موخر کرنے کیلئے فیصلہ سازی میں نظرانداز کرنے پر تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پی ٹی آئی میں اختلافات سامنے آ گئے۔ ذرائع کے مطابق راجا ناصر عباس نے پی ٹی آئی قیادت کو تحریک تحفظ آئین پاکستان کے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

کیپٹن (ر) صفدر کا امجد شاہ سے ذاتی تنازعہ ہے، اسے سیاست کا حصہ نہ بنائیں، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ کیپٹن (ر) صفدر کا سپریم کورٹ بار کے انڈیپینڈنٹ گروپ کے صدارتی امیدوار امجد شاہ سے ذاتی تنازعہ ہے، مانسہرہ میں پلاٹ کا تنازعہ ہے

پاکستانی خلابازوں کی تربیتی مشقیں، چینی زبان بھی سیکھ رہے ہیں، سپارکو

بیجنگ (این این آئی) چین کے تیان گونگ خلائی اسٹیشن پر جانے والے پہلے غیر ملکی و پہلے پاکستانی خلا باز بننے کیلئے 2 خلا بازوں کی تربیتی مشقیں جاری ہیں۔ سپارکو حکام کے مطابق بیجنگ میں قائم چائنا آسٹروناٹ ریسرچ (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

جامعات کے مسائل کو حکامِ بالا کے نوٹس میں لایا جائے گا، شعیب نوشیروانی

حکومت کی جانب سے بروقت اقدامات کے باعث اس وقت جامعات کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کے حوالے سے کوئی قابلِ ذکر مسئلہ درپیش نہیں

جامعات میں مالی استحکام نہ صرف اساتذہ اور ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے ضروری ہے' صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت یونیورسٹیز فنانس کمیشن (UFC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، سیکرٹری کالجز ہاشم غلزئی اور صوبے کی مختلف جامعات کے وائس چانسلرز و نمائندگان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27 کیلئے جامعات کو مختص کیے گئے 8 ارب روپے کے فنڈز کی تقسیم کے طریقہ کار (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

سوئی، نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) سوئی کے علاقے میں نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

واقعے کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے اور علاقے کا گھراؤ کرکے سرچ آپریشن شروع کر دی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

کچھی کھٹن پولیس تھانے کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کھٹن پولیس تھانے کو نامعلوم مسلح (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

عوام کی رائے کو مقدم رکھا جائے بصورت دیگر حالات کنٹرول سے نکل جائیں گے، ڈاکٹر مالک بلوچ

بلوچستان کو کالونی کی طرز پر دیکھا جا رہا ہے عوام کی حق حاکمیت کو چھینا گیا

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو اور میر جمہوریت میر حاصل خان بزنجو کی سیاسی قومی جدوجہد اور سیاسی (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

انسانی جان، خواتین اور بچوں کے حقوق کیلئے بلاامتیاز آواز اٹھائی جائے' مینا مجید

کیچ کے علاقے کالعدم تنظیم کی جانب سے 12 سالہ بچے کے اغواء اور خواتین اور بچوں کو تشدد کا نشانہ بنانا افسوسناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ ضلع کیچ کے علاقے النڈور، بلیدہ میں بی ایل اے کی جانب سے ایک 12 سالہ بچے کے اغواء اور ایک گھر (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر خزانہ معدنیات میر شعیب نوشیروانی یونیورسٹیز فنانس کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اور فلپائن کے درمیان پارلیمانی روابط مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

پاکستان کی سینیٹ اور قومی اسمبلی میں پاکستان فلپائن پارلیمانی فرینڈشپ گروپس قائم کیے جا چکے ہیں

باہمی افہام و تفہیم کو فروغ دینے اور دونوں قانون ساز اداروں کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے کے امور بھی زیر بحث آئے' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ + منیلا (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر کی قیادت میں پاکستانی پارلیمانی وفد نے منیلا میں فلپائن کے سینیٹ کے صدر شیرون گچالیان سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی، تجارتی، سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سینیٹر سید وقار مہدی، فلپائن میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر عاصمہ ربانی اور فلپائن کے سینیٹرز سمیت دیگر (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

سینیٹر عبدالقادر کی سربراہی میں پاکستانی پارلیمانی وفد منیلا پہنچ گیا، بین الاقوامی مالیاتی کانفرنس میں شرکت کرے گا

کوئٹہ + منیلا (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر کی قیادت میں سینیٹ آف پاکستان کا پارلیمانی وفد فلپائن کے دارالحکومت منیلا پہنچ گیا، جہاں وہ "خودمختار مالیاتی ادارے اور بین الحکومتی مالیاتی تعلقات کا انتظام: مضبوط معیشت اور جامع اقتصادی ترقی کے فروغ کی جانب" کے عنوان سے منعقدہ دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کرے گا۔

لاہور، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں


بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ میٹرو ٹرین
جناح پیپلز ٹرین
عوامی سفری سہولت کی نئی پٹڑی
وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوامی سہولت کے ویژن کے تحت جدید، محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری نظام کا آغاز
اہم خصوصیات
کچلاک تا سریاب 32 کلومیٹر اپ گریڈڈ ریلوے ٹریک
صرف 120 روز میں تکمیل
7 جدید اسٹیشنز
محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفر
طلبہ، ملازمین، عام شہری اور کاروباری افراد کیلئے بہتر آمدورفت
اسٹیشنز
کچلاک
بلیلی
شیخ ماندہ
جی او آر
کوئٹہ
لوڑ کاریز
سریاب
سفری سہولت کا نیا نظام ——— ترقی کی راہ پر بلوچستان
GOB
محکمہ تعلقات عامہ، حکومت بلوچستان
SS NO. 06/28-09-2026
DGPR

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بالمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

معلومات تک رسائی ایک بنیادی حق

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے عوام کی مستند معلومات تک رسائی اور اداروں کی جانب سے اسکی فراہمی کے بنیادی جمہوری حق کی غیر متزلزل توثیق کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ حکومت، میڈیا، سول سوسائٹی، تعلیمی ادارے، ٹیکنالوجی کے ماہرین اور شہری مل کر معلومات کی صحت اور صداقت کے تحفظ اور ایک باخبر، ذمہ دار اور شفاف معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ پاکستان آج دنیا کے ساتھ ہم آواز ہو کر معلومات تک رسائی کے عالمی دن پر معلومات کی شہریوں تک رسائی، اداروں کی جانب سے اسکی فراہمی اور تبادلہ کے بنیادی جمہوری حق کی غیر متزلزل توثیق کرتا ہے۔ اس سال یہ عالمی دن ’’ڈیجیٹل دور میں معلومات کی صحت اور صداقت کا تحفظ: معلوماتی انتشار سے نمٹنے میں معلومات تک رسائی کا کردار‘‘ کے عنوان سے منایا جا رہا ہے۔ یہ موضوع بجا طور پر معلومات کی دستیابی کو درپیش ایک اہم مسئلے کی نشاندہی کرتا ہے، جس میں غلط اور گمراہ کن معلومات کا پھیلاؤ اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل شامل ہیں۔ معلومات تک رسائی ایک بنیادی حق اور شفاف، جوابدہ اور باخبر معاشرے کی بنیاد ہے، عوام کو درست، بروقت اور قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی نہ صرف ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے بلکہ یہ شہریوں کو باخبر فیصلے کرنے اور قومی امور میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بھی بناتی ہیں۔ آج کے ڈیجیٹل دور میں ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا نے معلومات تک رسائی کو پہلے سے کہیں زیادہ آسان بنا دیا ہے تاہم غیر مصدقہ، گمراہ کن اور جھوٹی معلومات کا تیزی سے پھیلاؤ ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے۔ غلط اور گمراہ کن معلومات کا پھیلاؤ معاشرے میں بے یقینی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کے اعتماد کو بھی متاثر کر سکتا ہے، اس صورتحال میں معلومات تک رسائی کا حق مزید اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ مستند اور قابلِ اعتماد معلومات کی بروقت فراہمی، شفافیت، حقائق کی جانچ اور ذمہ دارانہ ابلاغ کے ذریعے معلوماتی انتشار کا مؤثر طور پر مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ حکومت پاکستان عوام کو درست اور مستند معلومات کی فراہمی، شفافیت کے فروغ اور معلومات تک رسائی کے حق کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، ہم جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان مؤثر رابطے کو مزید مضبوط بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ معلومات تک رسائی کے عالمی دن کا یہ موقع ہمیں اس عزم کی تجدید کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم ایسا ڈیجیٹل اور معلوماتی ماحول تشکیل دیں جہاں ہر شہری کو درست، قابلِ اعتماد اور بروقت معلومات تک آسان رسائی حاصل ہو

عزت کا راستہ

نورین فاروق ابراہیم

تاریخ کے اوراق پلٹتے ہوئے بھی بھی انسان کسی ایک کردار کے سامنے رک جاتا ہے۔ کچھ شخصیات صرف تاریخ کا حصہ نہیں ہوتیں بلکہ ان کا طرزِ حکمرانی اپنے بعد آنے والی نسلوں کے لیے ایک آئینہ بن جاتا ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ کا دورِ خلافت بھی ایسا ہی ایک آئینہ ہے۔ ایک طرف ایک ایسی سلطنت تھی جس کی وسعت تقریباً 23 لاکھ مربع میل تک بیان کی جاتی ہے۔ دوسری طرف اس وسیع سلطنت کا حکمران تھا جو اپنے آپ کو بادشاہ نہیں بلکہ مسلمانوں کا امیر سمجھتا تھا۔ نہ شاہی محل، نہ اقتدار کا غرور اور نہ عوام اور حاکم کے درمیان ایسی دیوار جسے عبور کرنا ناممکن ہو۔ تاریخی روایات میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ ایک عام شخص نے حضرت عمرؓ کو دو کپڑے پہنے دیکھا تو سوال کیا کہ جب ہر شخص کو ایک کپڑا ملا ہے تو امیر المومنین کے پاس دو کپڑے کیسے آئے؟ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے وضاحت کی کہ انہوں نے اپنا حصہ اپنے والد کو دے دیا تھا کیونکہ ایک کپڑا حضرت عمرؓ کے قد کے لیے کافی نہیں تھا۔

یہ واقعہ اپنی جگہ ایک تاریخی روایت ہے، لیکن اس کا اصل سبق کپڑے کے دو ٹکڑوں سے کہیں بڑا ہے۔ ایک عام آدمی اپنے حکمران سے سوال کر سکتا تھا، اور حکمران کو اس سوال کا جواب دینا پڑتا تھا۔ یہی حضرت عمرؓ کی حکمرانی کا بنیادی وصف تھا۔ اقتدار ان کے لیے اعزاز سے زیادہ ایک امانت تھا اور امانت کے ساتھ جواب دہی لازم تھی۔ حضرت عمرؓ سے منسوب ایک معروف قول ہے کہ ہم ایک ذلیل قوم تھے، اللہ نے ہمیں اسلام کے ذریعے عزت دی، اور اگر ہم اسلام کے علاوہ کسی اور ذریعے میں عزت تلاش کریں گے تو اللہ ہمیں ذلیل کر دے گا۔ اس قول کا مفہوم محض ایک مذہبی شعار نہیں بلکہ قوموں کے عروج و زوال کا ایک اصول ہے۔ جب کردار، عدل اور امانت کمزور پڑ جائیں تو محض طاقت اور دولت کسی قوم کو حقیقی وقار نہیں دے سکتیں۔ اسی تصور کی ایک اور خوبصورت تصویر ان تاریخی روایات میں ملتی ہے جن میں ایک غیر ملکی سفیر مدینہ آتا ہے اور مسلمانوں کے حاکم کو تلاش کرتا ہے۔ اسے بتایا جاتا ہے کہ یہاں کوئی بادشاہ نہیں، امیر ہے۔ وہ تلاش کرتا ہوا حضرت عمرؓ تک پہنچتا ہے اور انہیں کسی محل میں نہیں بلکہ درخت کے سائے میں بے خوف آرام کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔

روایت کے مطابق اس منظر نے اسے حیران کیا۔ اس نے اس فرق کو محسوس کیا کہ جس حاکم نے اپنی رعایا کے ساتھ عدل کیا ہو، وہ اس قدر بے خوف سو سکتا ہے، جبکہ ظلم کرنے والا حکمران اپنے تحفظ کے لیے حصار بناتا ہے۔ اس روایت کے الفاظ اور تفصیلات مختلف تاریخی ماخذ میں مختلف انداز سے بیان ہوئی ہیں، اس لیے اسے ایک مستند حدیث کے طور پر پیش کرنا درست نہیں ہوگا۔ لیکن اس میں موجود بنیادی تصور بہت گہرا ہے: عدل حاکم اور عوام کے درمیان اعتماد پیدا کرتا ہے، جبکہ ظلم خوف کو جنم دیتا ہے۔

موجودہ سیاسی منظرنامے میں جب کسی بڑے عہدے دار کا قافلہ سڑک سے گزرتا ہے تو گاڑیاں ایک کے بعد ایک رواں ہوتی ہیں، سڑکیں بند ہوتی ہیں، عام آدمی کو روک دیا جاتا ہے اور اقتدار کا نمائندہ چند لمحوں میں گزر جاتا ہے۔ یقیناً ریاستی عہدوں پر سکیورٹی کی اپنی ضروریات ہوتی ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ حکمران اور عوام کے درمیان یہ فاصلہ اتنا بڑھ کیوں گیا ہے؟

کیا حکمرانی کا مقصد عوام سے فاصلہ پیدا کرنا ہے یا ان کے قریب رہ کر ان کے مسائل کو سمجھنا؟ اسی تناظر میں پنجاب کی وزیر اعلیٰ کے سرکاری طیارے کے استعمال کا معاملہ بھی سامنے آتا ہے۔ ان کا مؤقف ہے کہ لندن کے سفر اور متعلقہ اخراجات انہوں نے اپنی جیب سے ادا کیے اور یہ طیارہ ان کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ چیف منسٹر کے منصب سے متعلق سرکاری سہولت ہے۔ اس معاملے پر پنجاب اسمبلی میں سوالات بھی اٹھے ہیں۔ یہاں اصل سوال کسی ایک فرد کو مجرم قرار دینا نہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ عوامی منصب رکھنے والا شخص عوامی وسائل اور سرکاری سہولتوں کے استعمال کے بارے میں کس حد تک جواب دہ ہونا چاہیے؟

یہ سوال صرف پنجاب کا نہیں، پورے پاکستان کا ہے۔ ہمارے اردگرد ایک ایسا سیاسی کلچر بنتا دکھائی دیتا ہے جہاں اقتدار کے قریب رہنے والے لوگوں کی زندگی اور عام آدمی کی زندگی کے درمیان فرق بڑھتا چلا گیا ہے۔ ایک طرف مراعات، پروٹوکول، سرکاری سہولتیں اور اختیار ہیں، دوسری طرف وہ عوام ہیں جو بجلی کے بل، مہنگائی، علاج، تعلیم اور روزگار کی فکر میں دن رات گزار رہے ہیں۔ لیکن شاید اس سے بھی بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے سوال کرنا چھوڑ دیا ہے۔ حضرت عمرؓ کے زمانے میں ایک عام آدمی اپنے خلیفہ کے لباس پر سوال کر سکتا تھا۔ ایک عورت اپنے حکمران کو راستے میں روک سکتی تھی۔ ایک کمزور شخص اپنے حق کی بات کر سکتا تھا۔ حکمران کی عظمت اس بات میں نہیں تھی کہ لوگ اس سے ڈریں؛ اس کی عظمت اس میں تھی کہ لوگ اس کے سامنے اپنی بات کہنے سے نہ ڈریں۔ موجودہ صورتِ حال پر نظر ڈالیں تو فرق نمایاں دکھائی دیتا ہے۔

ہم نے جمہوریت کا نام تو بہت لیا، مگر کیا ہم نے جمہوریت کی روح بھی پیدا کی؟ کیا عوام واقعی اپنے حکمرانوں سے سوال کر سکتے ہیں؟ کیا عام شہری کو یہ اعتماد ہے کہ اس کی آواز اقتدار کے ایوانوں تک پہنچ سکتی ہے؟ اور کیا حکمران یہ سمجھتے ہیں کہ وہ عوام کے مالک نہیں بلکہ ان کے نمائندے اور خادم ہیں؟

حضرت عمرؓ کا تصورِ حکمرانی ہمیں ایک بنیادی بات یاد دلاتا ہے: اقتدار اعزاز نہیں، امانت ہے۔ اور امانت جتنی بڑی ہو، جواب دہی بھی اتنی ہی بڑی ہونی چاہیے۔ بدقسمتی سے دنیاوی کامیابی کو بھی ہم نے اکثر عزت کا پیمانہ بنا لیا ہے۔ بڑا گھر، مہنگی گاڑی، قیمتی لباس، شاہانہ تقریبات، خصوصی طیارے، بڑے قافلے اور اقتدار کے مراکز تک رسائی—یہ سب دنیا کی نظر میں کامیابی کی علامتیں ہو سکتی ہیں۔ مگر یہ سب عارضی ہیں۔ اسلام نے انسان کو اس سے کہیں بڑا معیار دیا ہے: کردار، عدل، امانت، دیانت اور اللہ کے سامنے جواب دہی کا احساس۔ قرآن پڑھا جاتا ہے، احادیث بیان کی جاتی ہیں، سیرت کے واقعات سنائے جاتے ہیں اور خلفائے راشدین کا ذکر احترام سے کیا جاتا ہے۔ مگر جب انہی اصولوں کو عملی زندگی اور حکمرانی پر لاگو کرنے کی بات آتی ہے تو ہم کہہ دیتے ہیں کہ وہ ایک اور زمانہ تھا، آج کے دور میں یہ سب ممکن نہیں۔ حضرت عمرؓ کے دور میں بھی انسان انسان ہی تھے۔ دولت، خواہشات، اقتدار اور دنیا کی کشش اس وقت بھی موجود تھی۔ فرق یہ تھا کہ حکمران کے دل میں آخرت کا احساس زندہ تھا اور عوام کو سوال کرنے کا حق حاصل تھا۔ شاید ہمیں اسی احساسِ جواب دہی کو دوبارہ زندہ کرنے کی ضرورت ہے۔ دنیاوی دولت، اقتدار اور آسائشیں کتنی ہی بڑھ جائیں، انسان آخرکار انہیں یہیں چھوڑ کر جاتا ہے۔ نہ عہدہ ساتھ جاتا ہے، نہ قافلہ، نہ محل، نہ طیارہ، نہ زیور۔ ساتھ صرف عمل جاتا ہے۔

☆☆☆☆

پاک افغان سرحدی کشیدگی اور ٹی ٹی پی کے حملے

بات سے بات
منصور نظامانی
★★★★
mansoornizamani111@gmail.com

پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی اب محض دونوں حکومتوں کے درمیان اختلاف کا معاملہ نہیں رہی بلکہ یہ ایک مسلسل سکیورٹی بحران کی صورت اختیار کر چکی ہے، جس کے اثرات دونوں ممالک کے امن، معیشت اور عام لوگوں کی زندگیوں پر پڑ رہے ہیں۔ خصوصاً خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے سرحدی علاقے دہشت گرد حملوں، دراندازی، سرحدی فائرنگ اور جوابی کارروائیوں کے باعث شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی سرگرمیوں، سرحد پار موجودگی اور ڈرون ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے پاکستان کے خدشات صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا رہے ہیں۔ حالیہ واقعات، جن میں کوہاٹ پولیس لائنز پر حملہ اور سرحدی علاقوں میں کشیدگی شامل ہے، اس تناظر میں اب سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ دہشت گردی کے اس سلسلے کو کیسے روکا جائے اور سرحدی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو مستقل امن کیسے فراہم کیا جائے۔

اس مسئلے کی شدت کو سمجھنے کے لیے گزشتہ چند برسوں کے اعداد و شمار بھی اہم ہیں۔ 2021ء میں افغانستان میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کی صورتحال میں نمایاں تبدیلی دیکھنے میں آئی۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 2021ء میں دہشت گردی میں تقریباً 38 فیصد، 2022ء میں 15 فیصد، 2023ء میں 56 فیصد، 2024ء میں تقریباً 67 فیصد اور 2025ء میں 34 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار پیس اسٹڈیز (PIPS) کے مطابق 2025ء میں ملک بھر میں 699 دہشت گرد حملے ہوئے، جن میں کم از کم 1,034 افراد جاں بحق اور 1,366 زخمی ہوئے، جن میں سکیورٹی اہلکار، عام شہری اور دہشت گرد شامل تھے۔ دوسری جانب پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (PICSS) نے اسی سال 1,066 حملوں میں مجموعی طور پر 3,413 اموات کا ذکر کیا ہے۔ ان کے مطابق 2,115 دہشت گرد یا شدت پسند مارے گئے، جبکہ 664 سے 677 سکیورٹی اہلکار جاں بحق ہوئے اور 580 عام شہری بھی مارے گئے۔ دونوں اداروں کی رپورٹس میں اعداد و شمار کے فرق کے باوجود یہ واضح ہوتا ہے کہ دہشت گردی پاکستان کیلئے ایک بڑا سکیورٹی چیلنج بن چکی ہے۔

2026ء کے ابتدائی مہینوں کے دوران بھی صورتحال میں کوئی نمایاں بہتری نظر نہیں آئی۔ سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CRSS) کے مطابق سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران دہشت گردی اور تشدد سے متعلق 813 اموات اور 518 زخمی ریکارڈ ہوئے، جبکہ دوسری سہ ماہی میں 774 اموات اور 336 زخمی ہوئے۔ ان اعداد و شمار میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کا حصہ سب سے زیادہ رہا اور دونوں صوبوں میں مجموعی طور پر تقریباً 93 سے 96 فیصد اموات ریکارڈ ہوئیں۔ ٹی ٹی پی کے ساتھ دیگر مسلح گروہوں کی سرگرمیاں بھی صورتحال کو پیچیدہ بنا رہی ہیں۔ ڈرون ٹیکنالوجی جیسے جدید طریقوں کا استعمال ظاہر کرتا ہے کہ دہشت گرد گروہ اپنی حکمت عملی میں تبدیلیاں لا رہے ہیں، جس کے باعث پاکستانی سکیورٹی اداروں کیلئے خطرات مزید بڑھ رہے ہیں۔ اس لیے مسئلہ صرف سرحدی نگرانی تک محدود نہیں رہا بلکہ داخلی سلامتی، انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی سے نمٹنا بھی اس کا اہم حصہ بن چکا ہے۔

اسلام آباد کا مؤقف رہا ہے کہ ٹی ٹی پی اور اس سے وابستہ گروہوں کی قیادت، پناہ گاہیں اور تربیتی مراکز افغان سرزمین پر موجود ہیں اور کابل انتظامیہ سے ان کے خلاف کارروائی کے لیے بارہا مطالبہ کیا گیا ہے۔ لیکن ان سفارتی کوششوں اور مطالبات کے باوجود اگر پاکستان کے اندر حملوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے تو ریاست کو اپنے دفاع اور شہریوں کے تحفظ کے لیے اہم اقدامات کرنا پڑتے ہیں۔ ستمبر 2026ء میں پاکستان کی جانب سے کی جانے والی مختلف سکیورٹی کارروائیوں کے حوالے سے میڈیا رپورٹس میں 100 سے زائد دہشت گردوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ اسلام آباد ان کارروائیوں کو دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور ان کے تربیتی مراکز کے خلاف کارروائی قرار دیتا ہے۔ تاہم سرحدی علاقوں میں ہونے والی ایسی کارروائیوں کے سرکاری اعداد و شمار کی آزادانہ طور پر فوری تصدیق ممکن نہیں ہوتی۔ دوسری جانب افغان طالبان حکومت پاکستان کے ان الزامات کو مسترد کرتی رہی ہے۔ کابل کا مؤقف ہے کہ ٹی ٹی پی ایک پاکستانی گروہ ہے اور اس سے متعلق مسئلہ پاکستان کا داخلی سکیورٹی معاملہ ہے۔ افغان حکومت پاکستان کی سرحد پار کارروائیوں اور فضائی حملوں پر بھی اعتراض کرتی رہی ہے، جبکہ اقوام متحدہ کے افغانستان مشن (UNAMA) نے بھی عام شہریوں کو پہنچنے والے نقصان پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ 2025ء اور 2026ء کے دوران سرحدی تنازعات میں افغان شہریوں کے متاثر ہونے کے واقعات بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔ ایسی صورتحال میں ایک طرف پاکستان اپنی سلامتی اور دفاع کا حوالہ دیتے ہوئے کارروائیوں کو ضروری قرار دیتا ہے، جبکہ دوسری طرف افغانستان ان کارروائیوں کو اپنی خودمختاری اور شہریوں کے لیے خطرہ سمجھتا ہے۔ نتیجتاً سرحدی فائرنگ، ڈرون حملوں، جوابی کارروائیوں اور احتجاج کا سلسلہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد کی کمی کو مزید بڑھا رہا ہے۔

اس بحران کا سب سے بڑا اثر سرحدی علاقوں کے عام لوگوں پر پڑتا ہے۔ جب سرحدی گزرگاہوں پر پابندیاں عائد ہوتی ہیں یا کشیدگی کے باعث تجارت متاثر ہوتی ہے تو مزدوروں، تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور چھوٹے کاروباروں کا روزگار براہِ راست متاثر ہوتا ہے۔ بہت سے خاندانوں کی آمدنی سرحد پار تجارت اور آمدورفت سے وابستہ ہوتی ہے۔ مسلسل ایسی کارروائیوں کے باعث مقامی منڈیوں، روزگار اور معاشی سرگرمیوں پر دباؤ بڑھتا ہے اور خوف و غیر یقینی کی صورتحال پیدا ہوتی ہے۔ اس دوران پولیس اور سکیورٹی فورسز کو دہشت گرد حملوں کی روک تھام، سرحدی نگرانی اور مقامی امن و امان کی ذمہ داریاں بھی نبھانا پڑتی ہیں۔ اس لیے یہ بحران صرف فوجی یا سفارتی مسئلہ نہیں بلکہ اس کے انسانی اور معاشی اثرات بھی اہم ہیں۔

دیکھا جائے تو اس بحران کا مستقل حل صرف فوجی طاقت سے ممکن نہیں۔ دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے ساتھ سفارت کاری، انٹیلی جنس تعاون، سیاسی مذاکرات اور سرحدی انتظام کو ایک مشترکہ حکمت عملی کا حصہ بنانا ہوگا۔ پاک افغان تعلقات تاریخی، ثقافتی، قبائلی اور معاشی روابط سے جڑے ہوئے ہیں اور سرحد کے دونوں جانب لاکھوں لوگوں کے خاندان، روزگار اور تجارت ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔ اس لیے دونوں ممالک کے درمیان طویل کشیدگی کا سب سے زیادہ نقصان عام لوگوں کو ہوگا۔ چین اور دیگر علاقائی ممالک کی سفارتی کوششوں کو بھی مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ہر نئے حملے کے بعد صرف جوابی کارروائی کرنے کے بجائے ان بنیادی عوامل کو ختم کرنے پر توجہ دینا ضروری ہے جو ایسے حملوں کو جنم دیتے ہیں۔ پاکستان کو اپنے عوام اور سرحدوں کے تحفظ کیلئے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی، جبکہ افغانستان کو اپنی سرزمین سے پاکستان کے خلاف ہونے والی ہر دہشت گرد سرگرمی کے حوالے سے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ ہمیں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ سکیورٹی اور سفارت کاری ایک دوسرے کے متبادل نہیں بلکہ اس پیچیدہ بحران کے حل کے دو اہم حصے ہیں۔ امید ہے کہ مستقبل قریب میں دونوں ممالک کے درمیان امن قائم ہوگا تاکہ عام لوگ اپنی زندگی امن و سکون کے ساتھ گزار سکیں۔

☆☆

منظر نامہ

حکومتی احکامات پر مواصلات وتعمیرات کے اقدامات

تحریر:۔ اختر منگی

آرٹیکل رائٹر انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ نصیر آباد

عوام کو زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کا آئینی و قانونی حق ہے، جس کی فراہمی کے حوالے سے موجودہ بلوچستان حکومت ترجیحی بنیادوں پر مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جن میں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کی بحالی و بہتری کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ نصیر آباد ڈویژن رقبے اور آبادی کے لحاظ سے بلوچستان کا ایک اہم ڈویژن ہے، جہاں دور دراز علاقوں کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے کے لیے بہتر اور مضبوط روڈ نیٹ ورک کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ سڑکوں کی بہتر سہولت سے نہ صرف عوام کو آمد و رفت میں آسانی میسر آتی ہے بلکہ تجارت، زراعت، تعلیم، صحت اور دیگر معاشی و سماجی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملتا ہے۔ اسی طرح تعلیم اور صحت کے شعبوں میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے سرکاری اسکولوں، کالجوں، بنیادی مراکز صحت، دیہی مراکز صحت اور دیگر اداروں کی عمارتوں کی تعمیر، بحالی اور ضروری سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ اگر تعلیمی و طبی اداروں کی عمارتیں خستہ حال ہوں یا بنیادی سہولیات سے محروم ہوں تو اس سے ایک طرف عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو دوسری جانب عوام کی خدمت پر مامور سرکاری ملازمین بھی اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں ادا نہیں کر پاتے۔ موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے انفراسٹرکچر، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جاری منصوبوں کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ نصیر آباد ڈویژن میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، سرکاری عمارتوں کی بحالی، تعلیمی اداروں کی بہتری اور صحت کے مراکز کو فعال و سہولیات سے آراستہ کرنے کے اقدامات سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ آج میں اپنی اس تحریر میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے وژن کو عیاں کرنے کی کوشش کروں گا کہ ان کی قیادت میں صوبائی وزراء اور صوبائی سیکرٹریز مفاد عامہ میں اقدامات کرنے میں مصروف عمل ہیں اور صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے مربوط انداز میں اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں جیسا کہ میں نے اپنی بالائی تحریر میں روڈز اور بلڈنگز کی تعمیر و مرمت کا ذکر کیا، یقینی طور پر بلوچستان حکومت کے اس وژن کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں سڑکوں کا مضبوط اور مؤثر نیٹ ورک نہ صرف دور دراز علاقوں کو شہری مراکز سے منسلک کرتا ہے بلکہ اس کے ذریعے عوام کو تعلیم، صحت، تجارت، زراعت اور دیگر بنیادی سہولیات تک رسائی بھی آسان ہوتی ہے۔ اسی طرح سرکاری عمارتوں کی تعمیر، مرمت اور بحالی سے عوام کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری افسران و ملازمین کو بھی اپنی خدمات زیادہ مؤثر انداز میں انجام دینے میں سہولت ملتی ہے۔ بلوچستان حکومت کے اس وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی ہدایات اور احکامات کی روشنی میں نصیر آباد ڈویژن میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے انجینئرز اور متعلقہ افسران مفاد عامہ کے منصوبوں پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہے ہیں۔ نصیر آباد ڈویژن رقبے، آبادی، زرعی اہمیت اور جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے بلوچستان کا ایک اہم ڈویژن ہے، جہاں مختلف اضلاع اور دور دراز علاقوں کو باہم مربوط رکھنے کے لیے بہتر روڈ نیٹ ورک ناگزیر ہے۔ ایسے علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے نہ صرف عوام کو آمد و رفت کی بہتر سہولت میسر آتی ہے بلکہ کسان اپنی زرعی پیداوار منڈیوں تک آسانی سے پہنچا سکتے ہیں، طلبہ و طالبات کو تعلیمی اداروں تک رسائی میں آسانی ہوتی ہے اور مریضوں کو طبی مراکز تک بروقت پہنچانے میں بھی مدد ملتی ہے۔ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں میں معیار، رفتار اور عوامی ضرورت کو مدنظر رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ کسی بھی منصوبے کی اصل کامیابی اسی وقت ممکن ہوتی ہے جب اس کے ثمرات براہ راست عام آدمی تک پہنچیں۔ نصیر آباد ڈویژن میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے انجینئرز کی نگرانی میں جاری منصوبوں کی مؤثر نگرانی، تعمیراتی معیار پر توجہ اور مقررہ مدت میں تکمیل سے نہ صرف حکومتی وژن کو تقویت ملے گی بلکہ عوام کا سرکاری اداروں پر اعتماد بھی مزید مضبوط ہوگا صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی رہنمائی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے افسران اور انجینئرز اسی جذبے کے ساتھ اپنی خدمات جاری رکھتے ہوئے نصیر آباد ڈویژن کے مختلف علاقوں میں سڑکوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر عوامی منصوبوں کو بہتر بنانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں، تاکہ حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات عملی طور پر نمایاں ہوں اور ان منصوبوں سے زیادہ سے زیادہ شہری مستفید ہو سکیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی پائیدار ترقی کے لیے نہ صرف مختلف ترقیاتی منصوبوں کو متعارف کروا کر عملی شکل دے رہی ہے بلکہ ان منصوبوں کے معیار، رفتار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے بھی متعلقہ محکموں کے اعلیٰ سطحی افسران کے ذریعے مؤثر نگرانی کا نظام قائم کیے ہوئے ہے، تاکہ سرکاری وسائل سے تعمیر ہونے والے منصوبے مقررہ معیار کے مطابق مکمل ہوں اور ان کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ خصوصاً محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت جاری سڑکوں، پلوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر عوامی نوعیت کے منصوبوں کی نگرانی اس لیے بھی اہمیت رکھتی ہے کہ ان منصوبوں کا براہ راست تعلق عوام کی روزمرہ زندگی، آمد و رفت، کاروباری سرگرمیوں، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی ضروریات سے ہے۔ نصیر آباد زون میں ان ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور پیش رفت کی نگرانی کی ذمہ داریاں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے چیف انجینئر بشیر ناصر انجام دے رہے ہیں، جو مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا خود دورہ کر کے موقع پر کام کی رفتار، تعمیراتی معیار اور منصوبوں سے متعلق دیگر امور کا جائزہ لے رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی ہدایات اور احکامات کی روشنی میں چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات بشیر ناصر نے نصیر آباد زون میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ انجینئرز اور افسران کی جانب سے انہیں جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں منصوبوں کی موجودہ صورتحال، تعمیراتی پیش رفت، درپیش مسائل، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل، مقررہ مدت اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں آگاہ کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی جانب سے واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تعمیراتی کام مقررہ معیار اور منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ سرکاری وسائل سے تعمیر ہونے والے منصوبے عوامی مفاد میں ہوتے ہیں، اس لیے ان کی تکمیل میں شفافیت، معیار اور رفتار کو خصوصی اہمیت دی جانی چاہیے۔ نصیر آباد زون رقبے اور آبادی کے اعتبار سے ایک اہم خطہ ہے، جہاں سڑکوں اور دیگر انفراسٹرکچر کے منصوبوں کی تکمیل سے دور دراز علاقوں کے عوام کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات میسر آنے کے ساتھ ساتھ زرعی، تجارتی، تعلیمی اور سماجی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کے لیے اعلیٰ افسران کے دوروں کا مقصد بھی یہی ہے کہ منصوبوں میں پیش آنے والی رکاوٹوں کو بروقت دور کیا جائے، کام کی رفتار کو بہتر بنایا جائے اور تعمیراتی معیار کو یقینی بنایا جائے۔ اس سلسلے میں چیف انجینئر محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر نے حکام بالا کی ہدایت پر نصیر آباد زون کے علاقے ضلع کچھی سے اپنے دورے کا آغاز کیا، جہاں انہوں نے تحصیل ڈھاڈر، تحصیل مچھ اور تحصیل سنی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران چیف انجینئر بشیر ناصر نے ترقیاتی منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور دیگر متعلقہ امور کا موقع پر جائزہ لیا جبکہ متعلقہ انجینئرز اور افسران سے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی حاصل کی دورے کے دوران انہوں نے دوسرے روز ضلع نصیر آباد جو کہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر کا مقام رکھتا ہے کا دورہ کیا، دورے کے موقع پر چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات نصیر آباد زون بشیر احمد نے ضلع نصیر آباد میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو منصوبوں پر تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور مقررہ معیار کے مطابق کام کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر انہوں نے نوتال پولیس اسٹیشن کی چار دیواری اور واچ ٹاورز، انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ پیکج برائے ڈیرہ مراد جمالی، بلیک ٹاپ روڈز کوٹ سردار خان رند تا فتح آباد، فتح آباد ٹو بابا کوٹ، پٹ فیڈر تا قبولہ شاخ اور نیو ہسپتال میر حسن روڈ سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر معائنہ کیا۔ چیف انجینئر بشیر احمد نے جاری منصوبوں کے تعمیراتی کام، پیش رفت، استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار اور دیگر متعلقہ امور کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ انجینئرز سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر بی اینڈ آر فدا حسین کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر روڈز بوستان خان چانڈیو، خلیل احمد عمرانی سمیت سب ڈویژنل آفیسران نادر علی پہنور، ذوالفقار علی لہڑی، اصغر علی چنہ، عابد علی پہنور، ندیم احمد سولنگی، سجاد علی عمرانی، سمیع اللہ کاکڑ اور دیگر افسران موجود تھے۔ متعلقہ انجینئرز نے چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات کو جاری ترقیاتی منصوبوں، تعمیراتی پیش رفت، منصوبوں کے معیار، درپیش مسائل اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات بشیر ناصر نے ضلع صحبت پور میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا جہاں انہوں نے زیر تعمیر اسپورٹس ڈسٹرکٹ کمپلیکس، اسپورٹس کمپلیکس، ہیر الدین کالج سمیت کشمور-صحبت پور روڈ اور دیگر روڈ نیٹ ورک کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر مواصلات و تعمیرات روڈز عبدالستار بنگلزئی اور ایگزیکٹو انجینئر ارشاد علی سیلاچی نے چیف انجینئر کو مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت اور تعمیراتی کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر گورنمنٹ کنٹریکٹرز ریاض کھوسہ سمیت دیگر موجود تھے جنہیں چیف انجینئر بشیر ناصر نے حکومتی منصوبوں کو پی سی ون کے معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ نصیر آباد زون کے دورے کے موقع پر چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات بشیر ناصر نے ضلع جعفر آباد کی اسکیموں کا دورہ کیا دورے کے دوران روڈ اور بلڈنگز کے شعبے کا جائزہ لیا چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر نے ضلع جعفر آباد میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے روجھان ٹو خانپور روڈ، جی او آر کالونی۔ ڈیرہ اللہ یار مین سیوریج لائن، پری فیب اور لیٹل فارم پولیس اسٹیشن کی چار دیواری سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی امور، کام کے معیار اور پیش رفت کے حوالے سے متعلقہ افسران سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر ارسلا رند، ایگزیکٹو انجینئر عتیق الرحمٰن سب ڈویژنل آفیسر اعجاز بہرانی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر نے دورے کے موقع پر آخر میں ضلع استا محمد کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا انہوں نے ضلع استا محمد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر پہنچ کر تفصیلی معائنہ کیا اور مختلف اسکیموں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران سے تعمیراتی امور کے بارے میں بریفنگ حاصل کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کی ہدایات کی روشنی میں جاری ترقیاتی عمل کا جائزہ لیتے ہوئے چیف انجینئر نے ڈی سی کمپلیکس، ڈی پی او آفس و رہائش گاہ، پری فیب، ایگرو پروجیکٹ سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی جانب سے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار، رفتار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل ستائش ہیں، جن کے نتیجے میں نہ صرف مختلف علاقوں میں پختہ اور معیاری تعمیراتی عمل جاری ہے بلکہ منصوبوں کی کڑی مانیٹرنگ بھی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل نگرانی اس بات کی واضح دلیل ہے کہ حکومت پی سی ون میں مقرر کردہ معیار اور منصوبوں کے منظور شدہ ڈیزائن و تخمینوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز قبول نہیں کر رہی۔ دورے کے دوران متعلقہ ٹھیکیداروں اور افسران کو سختی کے ساتھ ہدایات جاری کی گئیں کہ تمام سرکاری امور مقررہ قواعد و ضوابط اور سرکاری احکامات کے مطابق سرانجام دیے جائیں جبکہ تعمیراتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار، کام کی رفتار اور منظور شدہ نقشے و تخمینے کو ہر صورت مدنظر رکھا جائے۔ واضح کیا گیا کہ غیر معیاری تعمیراتی عمل، ناقص میٹریل کے استعمال یا کام میں غیر ضروری تاخیر کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا اور ذمہ داران کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر کی جانب سے نصیر آباد زون کے مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں کے دورے اور موقع پر متعلقہ افسران سے تفصیلی بریفنگ لینے کا عمل اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کو محض دفتری کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی طور پر موقع پر جا کر کام کا جائزہ لینے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس اقدام کا مقصد منصوبوں کی اصل صورتحال سے براہ راست آگاہی حاصل کرنا، تعمیراتی کام میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرنا اور انہیں بروقت دور کرنے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانا ہے۔ متعلقہ انجینئرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ ترقیاتی منصوبوں پر روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے اعلیٰ حکام کو بروقت آگاہ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ عوامی مفاد میں شروع کیے گئے منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل ہوں۔ ترقیاتی منصوبوں کی موقع پر نگرانی سے نہ صرف تعمیراتی معیار بہتر بنانے میں مدد ملے گی بلکہ سرکاری وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سڑکوں، پولیس اسٹیشنز، ہسپتالوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل سے شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختص کیے گئے وسائل کے ثمرات عام لوگوں تک پہنچ سکیں گے، جبکہ مکمل ہونے والے منصوبے علاقے کی ترقی اور عوامی سہولیات میں مزید بہتری کا ذریعہ بنیں گے۔

☆☆☆☆



بقیہ 1

خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک، فرینڈز آف یونیورس اور پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے زیر اہتمام ”دی رئیل ڈیموکریٹ میاں محمد نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ“ کی تقریبِ رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سیاسی و جمہوری قائدین میں خان عبدالولی خان کے بعد میاں محمد نواز شریف ایک بڑے سیاسی رہنما ہیں جنھوں نے ملک کی سیاست میں ایک نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہوئے پشتون، بلوچ قوم پرست قائدین سمیت تمام سیاسی رہنماؤں کے ساتھ خوشگوار اور احترام پر مبنی تعلقات کے قائل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت سازی کے وقت میاں محمد نواز شریف کی واضح ہدایت تھی کہ بلوچستان میں سب کو ساتھ لیکر آگے بڑھیں۔ ان کی یہ سوچ کہ تمام سیاسی قوتوں کے ساتھ احترام کا رشتہ قائم رکھا جائے اور ہر ایک کو عزت دی جائے، ایک قابلِ ستائش سیاسی روایت ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ”دی رئیل ڈیموکریٹ انٹرنیشنل سول ایوارڈ“ کو میاں محمد نواز شریف سے منسوب کرنا ایک قابلِ تحسین اقدام ہے۔ ان کے نزدیک یہ ایوارڈ نہ صرف ایک شخصیت کی سیاسی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ جمہوری جدوجہد، سیاسی برداشت اور عوامی خدمت کے اصولوں کو اجاگر کرنے کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں سیاسی رہنماؤں کی خدمات کا اعتراف نئی نسل کو سیاسی جدوجہد، جمہوری اقدار اور عوامی خدمت کی اہمیت سے آگاہ کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے

بقیہ 2

پوسٹ حملے میں ملوث دہشت گرد کا سراغ بھی کابل سے ملا ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت کا دہشت گردوں اور افغانستان کے حوالے سے معاندانہ نرم رویہ، سہولت کاری اور مجرمانہ غفلت ملک کو دہشت گردی کی آگ میں دھکیل رہی ہے۔ پیر کو وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی موجودہ قیادت کی نیت اور طبیعت دونوں خراب ہیں، اپنے موقف پر قائم ہوں کہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کی قیادت کالعدم ٹی ٹی پی کی بی ٹیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے این پی، مسلم لیگ (ن)، جے یو آئی کی قیادت دہشت گردی کے خلاف جانوں کی قربانی دے چکے ہیں، صرف پی ٹی آئی کو دہشت گرد کچھ نہیں کہتے، ایسا کیوں ہے؟، پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کے پی میں نان کسٹم پیڈ گاڑیاں کیوں چل رہی ہیں؟، کے پی میں موٹر سائیکل پر بھی نمبر پلیٹ موجود نہیں، پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کو جان بوجھ کر قانونی دائرے میں نہیں لا رہی، یہی نان کسٹم پیڈ گاڑیاں دہشت گرد کارروائیوں میں استعمال ہوتی ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ صوبے میں صحت کیلئے کیا اقدامات کیے، ساڑھے 12 سال سے زائد عرصہ انہوں نے خیبر پختونخوا میں حکومت کی ہے تاہم خیبر پختونخوا کے عوام بنیادی سہولیات کے حصول کے لئے دوسرے صوبوں کا رخ کرتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزارت داخلہ نے خیبر پختونخوا پولیس کے لئے جدید گاڑیاں دینے کی پیشکش کی تاہم انہوں نے لینے سے انکار کر دیا، ہمارا پختہ عزم ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کریں گے، پی ٹی آئی قیادت نے خیبر پختونخوا پولیس کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے میں دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہے، سرفراز بگٹی بہادر اور باصلاحیت وزیر اعلیٰ ہیں، پچھلے ایک سال میں نیشنل ایکشن پلان میں سہیل آفریدی اور سرفراز بگٹی کی میٹنگز کا موازنہ کیا جا سکتا ہے، سرفراز بگٹی کو سلام پیش کرنا چاہیے جو دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت فنڈز پولیس کی بجائے دھرنوں پر خرچ کر رہی ہے، خیبر پختونخوا حکومت پولیس کو پی ٹی آئی کا سیاسی ونگ بنانا چاہتی ہے، صوبائی پبلک سروس کمیشن کو ختم کر کے یہ تمام تقرریوں کا اختیار اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں، یہ حساب دیں کاؤنٹر ٹیررازم کی مد میں ملنے والا این ایف سی کا حصہ انہوں نے کہاں خرچ کیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پر بھرپور طریقے سے عمل درآمد ہو رہا ہے، پی ٹی آئی کو نیشنل کا پتہ ہے، نہ ایکشن کا اور پلان سے بھی یہ لاعلم ہیں۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے اطلاعات ونشریات طلال چوہدری نے بتایا کہ ڈی آئی خان چیک پوسٹ حملے میں سیکیورٹی اہلکاروں سمیت معصوم سویلینز، خواتین، بچے اور غیر مسلح ریسکیو اہلکار شہید ہوئے، ہلاک دہشت گرد کا نادرا میں کوئی ریکارڈ نہیں ملا، تاہم اوپن سورس انٹیلی جنس کے ذریعے تصدیق ہوئی کہ اس کی تصویر کابل کے ایک چوک کی ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ پراکسیز مشرقی سرحد سے فنڈ اور مغربی سرحد کی محفوظ پناہ گاہوں سے آپریٹ ہو رہی ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان نے دوطرفہ سطح، بین الاقوامی فورمز، ڈوزیئرز اور مذاکرات کے ذریعے بارہا کابل انتظامیہ کو سمجھایا لیکن افغان عبوری حکومت نے اپنی سرزمین کا پاکستان کے خلاف استعمال نہیں روکا، معصوم شہریوں اور ریسکیو اہلکاروں پر حملے ڈالروں کے عوض کی جانے والی کھلی دہشت گردی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے دورہ ڈی آئی خان پر سوال اٹھایا کہ اتنی طویل پریس کانفرنس میں وزیر اعلیٰ نے افغانستان کا نام لے کر مذمت کیوں نہیں کی؟ صوبائی قیادت دہشت گردوں کے خلاف آخر کیوں نرم گوشہ اپنائے ہوئے ہے؟ انہوں نے کہا کہ کے پی کی سیاسی قیادت 14 سال سے سیکیورٹی فورسز کی پشت پر کھڑی نہیں ہوئی

بقیہ 3

بہتری لانے کیلئے وفاقی حکومت ڈیجیٹل گورننس، ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل معاشرہ کے تین بنیادی ستونوں پر قومی ڈیجیٹل ماسٹر پلان کو آگے بڑھا رہی ہے، ماسٹر پلان کو وزیراعظم کے ساتھ ہونے والے صوبائی وزرائے اعلیٰ کے آئندہ مشاورتی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل کر کے اس پر غور کرنے کی پوری کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے یہ بات پیر کو یہاں پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی (پی ڈی اے) سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کام شزہ فاطمہ خواجہ، چیئرمین پی ڈی اے ڈاکٹر سہیل منیر اور متعلقہ محکموں کے حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے زور دیا کہ ڈیجیٹلائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے تبدیلی سے حکومتی امور میں قابلِ پیمائش نتائج سامنے آنے چاہیں اور ہر شعبے کی ترقی میں مدد ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی اے کے شعبہ وار منصوبوں میں قابل عمل اہداف اور حقیقت پسندانہ مدت تکمیل واضح ہونی چاہیے۔ صحت، تعلیم، تجارت اور دیگر شعبوں سے متعلق ان منصوبوں کا جائزہ اتھارٹی کے آئندہ اجلاس میں لیا جائے گا۔

بقیہ 4

جانب سے ساورن ویلتھ فنڈ اور گردشی قرض میں کمی سے متعلق اقدامات پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کو چینی کے شعبے کو ڈی ریگولیٹ نہ کرنے کی وجوہات، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، پرائمری سرپلس، غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر اور شرح تبادلہ کی صورتحال سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف اور ایف بی آر کے درمیان مذاکرات میں ٹیکس نیٹ بڑھانے اور ٹیکس اصلاحات پر بات ہوگی۔

بقیہ 5

کہ بلوچستان کے مسئلے کو حقائق اور تاریخی تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے، کیونکہ غلط بیانیے کی بنیاد پر صوبے کے حالات کا درست تجزیہ ممکن نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے حوالے سے بھی تاریخی حقائق کو درست تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ خان آف قلات نے اپنی کتاب میں خود لکھا ہے کہ بلوچستان کا الحاق ان کی رضامندی سے ہوا تھا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ کو سمجھنے کیلئے تاریخی حقائق اور اصل ماخذ کا مطالعہ ضروری ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بیوروکریسی کی جانب سے صوبے میں خدمات انجام دینے کے حوالے سے بعض تحفظات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب سے بعض بیوروکریٹس بلوچستان آنا پسند نہیں کرتے

بقیہ 6

افغانی کرنسی بھی برآمد ہوئی۔ سیکیورٹی فورسز کے مطابق ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے 4 دہشت گرد جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے بہادر جوانوں کیساتھ کھڑی ہے، سیکیورٹی فورسز ملک میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کیلئے پوری طرح پرعزم ہیں

بقیہ 7

سے ورک پلان ملنے کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر متعلقہ وزارتوں سے ورکنگ پلان کیلئے تجاویز مانگی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق جماعت اسلامی سے مذاکرات کرنے والی حکومتی کمیٹی نے ممکنہ آپشنز تیار کئے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی جماعت اسلامی کے اہم مطالبات میں شامل ہے۔ امیر جماعت نے پیٹرولیم لیوی 35 سے 40 روپے فی لیٹر کم کرنے کا ایجنڈا پیش کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پیٹرولیم لیوی میں کمی کے مطالبے پر حکومت کی جانب سے مختلف آپشنز پر غور کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کی ملاقات میں عوامی ریلیف کے اقدامات پر گفتگو ہوگی۔

بقیہ 8

اور لگے گی بھی، جو آئین میں درج ضروریات ہیں وہ پوری ہوں تو بالکل یہ سب ہوگا۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ایمرجنسی کے اطلاق پر آئین بہت واضح ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ کے پی کے اندر گورنر رول کی بات ہو رہی ہے تو اس کا کوئی طریقہ کار زیر غور ہے اور اگر ہے تو وہ کیا ہوگا؟ اعظم نذیر تارڑ نے صحافی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حالات ایسے ہیں کہ آئین تقاضا کرے، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگے تو بالکل لگنی چاہیے اور لگے گی بھی، جو آئین میں درج ضروریات ہیں وہ پوری ہوں تو بالکل یہ سب ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئین ہمارا بڑا واضح ہے، پھر کہوں گا کہ جو آئین میں میکنزم ہے وہ جب تقاضا کرے گا تو یہ ساری چیزیں ہوں گی۔

بقیہ 9

تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال، جو ان دنوں وسطی ایشیا علاقائی اقتصادی تعاون پروگرام میں شرکت کیلئے منگولیا کے دورے پر ہیں، نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کو سیاسی مفاہمت کو قابل عمل منصوبوں اور ٹھوس معاشی نتائج میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ازبکستان، افغانستان، پاکستان ریلوے منصوبہ وسطی ایشیا کی منڈیوں کو پاکستان کی بندرگاہوں سے ملانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے ریلوے منصوبے کی فزیبلٹی سٹڈی جلد مکمل کرنے، کثیر ملکی اور دوطرفہ مالی معاونت کے ذرائع کی نشاندہی اور منصوبے پر عملدرآمد کیلئے واضح لائحہ عمل وضع کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان مشترکہ مالی معاونت کیلئے رابطہ کاری کا طریقہ کار قائم کرنے کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعے ترجیحی علاقائی منصوبوں کیلئے بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ترقیاتی شراکت داروں سے مشترکہ طور پر مالی معاونت حاصل کی جا سکتی ہے

بقیہ 10

نے کہا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ان کے معیار کو بھی یقینی بنایا جائے۔ ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں سڑکوں، گرین بیلٹس، پارکس، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ شہریوں کو بہتر ماحول اور سہولیات میسر آسکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئٹہ صرف صوبائی دارالحکومت ہی نہیں بلکہ بلوچستان کی شناخت اور صوبے کا چہرہ ہے، اس لیے شہر کی ترقی، خوبصورتی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ 11

زائد ترقی ہو رہی ہے، حکومت وزیراعظم کے مقرر کردہ 25 ارب ڈالر کے برآمدی ہدف کے حصول پر سنجیدگی سے گامزن ہے۔ پیر کو اسلام آباد میں ہواوے گلوبل سروس سینٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ 24 کروڑ آبادی میں 68 فیصد نوجوان اور ورک فورس کا 50 فیصد خواتین ہیں جن کی بنیاد پر ملک کا ڈیجیٹل سروسز سیکٹر عالمی مارکیٹس میں مسابقت کر رہا ہے اور اب ملکی معیشت روایتی کارگو ٹینکس کی بجائے جدید نالج بیسڈ سروسز پر منتقل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ باصلاحیت آئی ٹی ٹیلنٹ دنیا کے کونے کونے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہا ہے، صرف وفاقی دارالحکومت میں بیٹھ کر ڈھائی ہزار نوجوان انجینئرز مشرق وسطیٰ، افریقہ اور لاطینی امریکا سمیت دنیا کی 100 سے زائد بین الاقوامی مارکیٹس کے ٹیلی کام و آئی ٹی نیٹ ورکس چلا رہے ہیں جو دنیا میں پاکستان کا ایک مضبوط اور باوقار تشخص قائم کر رہے ہیں۔

بقیہ 12

سے بتایا کہ بھارتی وفد کی قیادت نیشنل کوارڈی نیٹر الوک ابیتابھ دیمری کر رہے ہیں۔ یہ دو سال بعد کسی بھی بھارتی وفد کی پاکستان آمد ہے۔ ایس سی او رکن ممالک کے نیشنل کوارڈی نیٹر کا اجلاس پاکستان کے نیشنل کوارڈی نیٹر کی صدارت میں ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں رکن ممالک کے درمیان تعاون اور رابطہ کاری کے فروغ سے متعلق تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہ اجلاس آئندہ سال پاکستان میں شیڈول ہے۔

بقیہ 13

اینڈ ٹریننگ سینٹر میں ذیشان علی اور خرم داود چینی زبان سیکھنے کے ساتھ خلائی جہاز کے نظام کو سمجھنے، جسم پر دباؤ برداشت کرنے والی مشقوں، بے وزنی کی حالت میں کھانے، سونے اور آلات کی مرمت کرنے کی تربیت لے رہے ہیں۔ پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تحقیق میں تعاون کے تحت خلا میں جانے والے پہلے پاکستانی خلاباز کا انتخاب اکتوبر کے وسط یا آخر تک متوقع ہے، چینی خلائی مشن رواں برس کے آخر میں روانہ ہوگا۔

بقیہ 14

کے مطابق پیر کو سوئی روڈ پر ڈولی کے قریب نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں پیر کوہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص شیر ہو بگٹی موقع پر ہلاک ہوگیا۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 15

کولن ایف جیکسن نے کی، جو افغانستان میں امریکا کی 20 سالہ مصروفیت اور کردار کا جائزہ لے رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور افغانستان میں امریکی جنگ کے دوران پاکستان کی معاونت پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں علاقائی سیکیورٹی صورتحال اور افغانستان میں ہونے والی پیشرفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں کمیشن کے کام سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ فیلڈ مارشل نے تنازع کی تشکیل میں کردار ادا کرنے والی سیکیورٹی صورتحال سے متعلق پاکستان کا مقف پیش کیا اور افغانستان میں طویل جنگ کے دوران پاکستان کو درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے تنازع کے اسٹریٹجک، سفارتی اور آپریشنل پہلوں کا جائزہ لیا اور علاقائی تناظر، پاکستان کے تجربات کو شامل کرنے کی اہمیت سے زور دیا

بقیہ 16

تحفظات سے آگاہ کر دیا ہے۔ ذرائع تحریک تحفظ آئین پاکستان کے مطابق پی ٹی آئی نے 27 ستمبر کے لانگ مارچ موخر کرنے کے فیصلے پر اعتماد میں نہیں لیا تھا، مشاورت اور اعتماد میں لئے بغیر لانگ مارچ موخر کیا گیا، لانگ مارچ کی حکمت عملی کے متعلق آگاہ کیا گیا نہ ہی اعتماد میں لیا گیا، لانگ مارچ کیلئے کوئی کوآرڈینیشن کمیٹی بنائی نہ خاطر خواہ تیاری کی گئی، اتنے بڑے احتجاج کیلئے انتظامی کمیٹی نہ ہی فنانس کمیٹی کا وجود تھا، پی ٹی آئی کو لانگ مارچ کیلئے ایک جامع ایجنڈا دیا گیا تھا

بقیہ 17

قیام اور سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی ہے

۔پیر کو وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ نے اسلام آباد میں ہواوے کے گلوبل سروس سینٹر کا دورہ کر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہواوے جی ایس سی، ٹیکنالوجی اور آئی ٹی پر مبنی خدمات کے عالمی مرکز کے طور پر پاکستان کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ اس ماڈل کو کنٹینرز کے بغیر برآمدات قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ماہرین ملک کے اندر سے ہی بین الاقوامی منڈیوں کو اعلیٰ معیار کی ڈیجیٹل خدمات فراہم کر رہے ہیں

بقیہ 18

نہیں رکھتا اور اس کے بحری بیڑے کو امریکی افواج تباہ کر چکی ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ایرانی فوجی کمانڈر کے اس دعوے کو غلط قرار دیا کہ پاسداران انقلاب آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول رکھتی ہے۔ سینٹکام کے بیان میں دعویٰ کیا گیا کہ آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ حقیقت کے برعکس ہے کیوں کہ امریکی افواج ایرانی بحریہ کو تباہ کر چکی ہیں اور اب ایران کے پاس بحریہ موجود نہیں ہے۔ امریکی فوج کے بیان میں مزید کہا گیا کہ مطابق گزشتہ چند ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل گزر چکا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایران اس اہم تزویراتی بحری گزرگاہ پر مکمل کنٹرول نہیں رکھتا۔ یہ بیان ایرانی فوجی قیادت کی جانب سے آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کے دعوے کے بعد سامنے آیا ہے

بقیہ 19

اور مجوزہ فارمولے پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اس موقع پر صوبے کی مختلف جامعات کو درپیش مالی مسائل اور ضروریات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ جامعات کے نمائندگان نے یونیورسٹیز فنانس کمیشن کے فورم پر اپنی جامعات کو درپیش مالی مشکلات اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یقین دہانی کرائی کہ جامعات کے مسائل کے حل کیلئے تمام متعلقہ امور کو حکام بالا کے نوٹس میں لایا جائے گا اور ان کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کیے جائیں گے۔ اجلاس میں جامعات کے نمائندگان نے تنخواہوں اور پنشن کے مسائل کے حل کیلئے صوبائی وزیر خزانہ، یونیورسٹیز فنانس کمیشن اور حکومتِ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بروقت اقدامات کے باعث اس وقت جامعات کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کے حوالے سے کوئی قابل ذکر مسئلہ درپیش نہیں

بقیہ 20

افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب منگولی پولیس تھانے کی حدود گلاب لاڑو کے مقام پر نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے ریلوے ٹریک کو اڑا دیا جس سے ریلوے ٹریک کو نقصان پہنچا اور تین سے چار فٹ پٹڑی تباہ ہوئی جبکہ دھماکے سے قبل کوئٹہ سے اندرون ملک جانے والی مسافر ٹرین کا گزر ہوا جو کہ بال بال بچ گئی واقعے کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے

بقیہ 21

افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق پھی کے علاقے کٹھن میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانے پر حملہ کر دیا اور دھماکہ خیز مواد سے تھانہ کو اڑا دیا جس سے تھانے کی بلڈنگ زمین بوس ہوگئی پولیس کے مطابق تھانہ خالی تھا جس سے کسی قسم کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ 22

بصیرت و دوراندیشی کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا کہ دونوں عظیم شخصیات نے جمہوریت کے استحکام، آئین کی حکمرانی، پارلیمان کی بالادستی، آزادی اظہار رائے کو ہی ملک کی بقاء وضامن قرار دیا۔ عظیم باپ بیٹے ملک اور بلوچستان کی حالات کی حقیقی معنوں میں نشان دہی کی اور طاقتور طبقہ کو خبردار کیا کہ عوام کی رائے کو مقدم رکھا جائے بصورت دیگر حالات کنٹرول سے نکل جائیں گے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ ملک فیض محمد یوسفزئی بابو کریم شورش گل خان نصیر ہمارے اکابرین تھے قلات اسٹیٹ کنونشن کو جس طرح سرداروں و نوابوں نے سبوتاژ کیا وہ تاریخ کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایوب خان کی آمریت کے خلاف نیپ قیادت جیلوں میں تھیں اور ان کو کھلی کیمپس میں رکھا گیا ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ میر غوث بخش بزنجو محمد حسین عنقا گل خان نصیر خان شہید نے 20 سے 25 سال جیلوں میں گزارے۔ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ میر حاصل بزنجو کے ساتھ سیاسی سفر بڑا خوبصورت رہا وہ لیڈر بھی تھے اور کارکن بھی

بقیہ 23

میں گھس کر خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ اس واقعے میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ بچوں سمیت تین دیگر افراد زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندان کی فریادی خاتون آج ہر بلوچ سے اپیل کر رہی ہے کہ وہ اس کیلئے آواز اٹھائے اور انصاف کا مطالبہ کرے، لیکن افسوس کہ وہ بلوچ جو ناروے، کینیڈا، نیدرلینڈز، برطانیہ اور امریکہ میں سیاسی پناہ لے کر رہتے ہیں اور اقوام متحدہ کے سامنے پلے کارڈز اٹھا کر خود کو بلوچ حقوق کی آواز قرار دیتے ہوئے پروپگنڈہ کرتے ہیں وہ ان بے گناہ خواتین اور بچوں کیلئے مکمل خاموش ہیں۔ بی ایل اے کی جانب سے کی جانے والی اس بربریت کے خلاف کیوں یہ گروہ بات نہیں کرتے؟؟ بینا مجید بلوچ نے کہا کہ وہ نام نہاد لوگ جو خود کو بلوچ حقوق کے کارکن اور انسانی حقوق کے علمبردار قرار دیتے ہیں

بقیہ 24

پارلیمانی ارکان نے شرکت کی۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کی جانب سے فلپائن کے سینیٹ صدر کو نیک خواہشات اور تہنیتی پیغام پہنچایا اور انہیں پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔ انہوں نے فلپائن میں حالیہ تباہ کن سیلاب سے ہونے والے جانی ومالی نقصان پر پاکستان کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے فلپائن کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا بھی اعادہ کیا

بقیہ 25

وقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں "انٹرنیشنل رئیل ڈیموکریٹک میاں محمد نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ" کی بنیاد رکھی گئی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مذکورہ ایوارڈ مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف کے نام سے منسوب کیا گیا ہے، جس کا مقصد جمہوریت، پارلیمانی اقدار، عوامی خدمت اور سیاسی جدوجہد کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرنے والی شخصیات کو خراج تحسین پیش کرنا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ انشاء اللہ یہ انٹرنیشنل سول ایوارڈ ہر سال پاکستان سمیت دنیا بھر کی ان شخصیات کو دیا جائے گا جنہوں نے پارلیمنٹ کے احترام، ووٹ کو عزت دینے اور جمہوریت کی سربلندی کے لیے سیاسی قربانیاں دی ہیں جبکہ عوامی خدمت اور بہتر کارکردگی میں بھی نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ جمہوری معاشرے کی مضبوطی کے لیے آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار اور عوام کے حقِ رائے دہی کا احترام ناگزیر ہے۔ سیاسی اختلاف جمہوری عمل کا حصہ ہے اور اختلاف رائے کو برداشت کرنا ہی جمہوری رویے کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لیے جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا اور عوام کے اعتماد کو بحال رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے اپنے خطاب کے اختتام پر شعر "روایت بھی ہے، تدبر بھی، حوصلہ بھی ہے، یہی چراغ جلیں گے تو روشنی بھی ہے" پڑھا اور پاکستان زندہ باد، بلوچستان پائندہ باد کا نعرہ لگایا۔

بقیہ 26

تصدیق شواہد پیش کرنے چاہئیں اور افغان سرزمین سے سرگرم تمام دہشت گرد گروہوں کے خلاف قابلِ عمل اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی سلامتی کیلئے حقائق، ذمہ داری اور باہمی تعاون ضروری ہیں، بے بنیاد الزامات نہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج مسلسل دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مصروف ہیں اور خطے میں امن وسلامتی کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ افغان وزارتِ دفاع نے دعویٰ کیا تھا کہ نورستان کے ضلع کامدیش میں 28 جنگجو ہلاک اور 32 زخمی ہوئے، جبکہ اس نے ان افراد کو پاکستان سے آنے والا قرار دیتے ہوئے پاکستانی حمایت کا الزام عائد کیا۔

بقیہ 27

کارروائی کی جائے عوامی حلقوں کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق وندر شہر میں عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے شروع کیا جانے والا 2 لاکھ گیلن واٹر ٹینک منصوبہ مبینہ طور پر ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت اور عدم دلچسپی کے باعث کئی ہفتوں سے تعطل کا شکار ہو کر رہ گیا ہے منصوبے پر کام شروع ہونے کے باوجود اسے مکمل نہ کیا جا سکا اور مبینہ طور پر ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر رفو چکر ہو گیا جبکہ زیر تعمیر واٹر ٹینک آج بھی اپنی تکمیل کا منتظر ہے۔ عوامی حلقوں میں اس بات پر شدید تشویش پائی جاتی ہے کہ عوامی مفاد میں شروع کیے گئے منصوبے کو آخر کس وجہ سے ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے اور اس کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر کیوں کی جا رہی ہے۔ واٹر ٹینک منصوبے میں مبینہ طور پر ناقص میٹریل کے استعمال کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں جس کے باعث منصوبے کے معیار اور پائیداری پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ منصوبے میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کے معیار کا متعلقہ حکام کی جانب سے فوری طور پر معائنہ اور مکمل جانچ پڑتال کی جائے تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ دوسری جانب زیر تعمیر واٹر ٹینک کا کام ادھورا پڑا ہوا ہے اور سب سے اہم سوال یہ اٹھایا جا رہا ہے کہ ٹینک کی چھت کہاں گئی؟ کس نے نگل لی؟ اس حوالے سے عوامی حلقوں میں مختلف سوالات گردش کر رہے ہیں تاہم منصوبے کی موجودہ صورتحال نے متعلقہ حکام کی نگرانی اور ٹھیکیدار کی ناقص کارکردگی پر بھی سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر منصوبہ عوام کو پانی کی فراہمی کے لیے شروع کیا گیا تھا تو اسے مقررہ مدت میں مکمل ہونا چاہیے تھا مگر کام ادھورا چھوڑے جانے سے عوامی سہولت کا یہ منصوبہ عملی طور پر غیر موثر ہو کر رہ گیا ہے۔ وندر کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء اور ڈپٹی کمشنر ضلع حب جمعداد خان سے مطالبہ کیا ہے کہ 2 لاکھ گیلن واٹر ٹینک منصوبے کی موجودہ صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے منصوبے کا موقع پر معائنہ کیا جائے تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار کی جانچ کرائی جائے اور منصوبے کو جلد از جلد دوبارہ شروع کر کے مکمل کروایا جائے تاکہ وندر کے شہریوں کو پینے کے پانی کی فراہمی میں درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔ عوامی حلقوں نے یہ بھی مطالبہ کیا ہے کہ تحقیقات کے دوران ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت لاپرواہی یا ناقص میٹریل کے استعمال کی شکایت درست ثابت ہو تو ذمہ دار ٹھیکیدار کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ معاملے کو محض کاغذی کارروائی تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ عملی اقدامات کرتے ہوئے واٹر ٹینک منصوبے کا کام فوری طور پر مکمل کروایا جائے تاکہ عوامی مفاد کا یہ اہم منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچ سکے اور وندر کے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی سہولت میسر آسکے۔

بقیہ 28

حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحقیق اور شواہد کی بنیاد پر کیے گئے فیصلوں سے صحت عامہ کی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال میں مدد ملے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کوئٹہ میں Structured and Research Operational (IT-SORT) Initiative Training کے تحت منعقد ہونے والے پہلے تاریخی آپریشنل ریسرچ کورس 2026-27 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری صحت نے IT-SORT کے تحت صوبے میں پہلی مرتبہ آپریشنل ریسرچ کورس کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع رقبے اور متنوع جغرافیائی حالات رکھنے والے صوبے میں صحت کے مسائل کے مؤثر حل کیلئے مقامی سطح پر تحقیق اور اعداد وشمار کی بنیاد پر منصوبہ بندی انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے آپریشنل ریسرچ کے فروغ کیلئے اٹھایا گیا یہ اقدام صحت کے شعبے میں پائیدار اور مثبت تبدیلی کیلئے معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ثبوت پر مبنی فیصلہ سازی (Decision Based-Evidence Making) جدید نظام صحت کی بنیادی ضرورت ہے۔

بقیہ 29

کے صوبائی جنرل سیکرٹری شان ثاقب ابڑو نے عمرانی ہاؤس کوئٹہ میں اہم ملاقات کی ملاقات کے دوران نصیر آباد ڈویژن سمیت مختلف اضلاع میں پارٹی کی تنظیمی صورتحال، پارٹی امور اور کارکنان سے رابطوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی تنظیم کو مزید فعال اور مضبوط بنانے، تنظیمی ڈھانچے کو مؤثر بنانے اور کارکنان کو درپیش مسائل متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنے کے حوالے سے مشاورت کی گئی رہنماؤں نے بالخصوص ضلع صحبت پور میں پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنان سے رابطہ کاری کا جائزہ لیا اور مقامی سطح پر پارٹی پروگرامز کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے سے متعلق امور پر غور کیا ملاقات میں آئندہ کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں، پارٹی پروگرامز اور کارکنان سے رابطوں کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں

بقیہ 30

چمگ سائز کا معائنہ کیا اور ماہی گیروں کو ممنوعہ جال کے استعمال سے سختی سے گریز کرنے کی ہدایت کی محکمہ فشریز کے مطابق جال چمگ سائز 26، 27، 28 اور 114 کے استعمال کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جاری ہے ان کا کہنا تھا کہ ممنوعہ جال کے ذریعے چھوٹی مچھلیوں کے شکار سے مچھلیوں کی افزائش اور سمندری حیات کے قدرتی توازن کو نقصان پہنچتا ہے، جس کے باعث ایسے جالوں کے استعمال کی اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ خلاف ورزی کرنے والے ماہی گیروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی اور اس کی ذمہ داری متعلقہ شخص پر عائد ہوگی

بقیہ 31

کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پروموشن سرکاری ملازمین کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ان کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ کرتی ہے، اب ترقی پانے والے افسران واہلکار اپنی نئی ذمہ داریوں کو عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ ادا کریں اور محکمہ مال کے امور میں شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی واضح پالیسی ہے کہ اہل اور حقدار ملازمین کو ان کا جائز حق بروقت فراہم کیا جائے، تاکہ سرکاری اداروں کی کارکردگی مزید بہتر ہو اور عوام کو ریلیف کی فراہمی میں آسانی پیدا ہو۔ 17 پٹواریوں کی قانون گو کے عہدے پر تعیناتی کو محکمہ مال کیلئے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے

بقیہ 32

ترسیل اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کھاد ڈیلرز نے شرکت کی اور انہیں کھاد کی خرید وفروخت اور نقل وحمل کے حوالے سے جاری ہدایات سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے کہا کہ ضلع نصیر آباد میں کھاد کی غیر قانونی نقل وحمل پر مکمل پابندی کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کھاد کی نقل وحمل اور فراہمی کے حوالے سے واضح احکامات جاری کیے گئے ہیں، جن پر تمام ڈیلرز کو ہر صورت عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا

بقیہ 33

مقدم ہونی چاہیے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ گھر اور چاردیواری کی حرمت کی پامالی انسانی اقدار کے منافی ہونے کے ساتھ ساتھ بلوچ روایات اور معاشرتی اصولوں کے بھی خلاف ہے انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں، ذمہ دار عناصر کی نشاندہی کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور مستقبل میں اس نوعیت کے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 34

کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اور ہنگامی حالات میں مریضوں کو ہسپتال منتقل کرنے میں مدد ملے گی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نوروز یعقوب نے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے عزم کے تحت ہسپتال کے غیر فعال طبی وسائل کی بحالی پر خصوصی توجہ دی ہے ان کی کاوشوں سے کئی ماہ سے خراب ایمبولینس کی مرمت ممکن ہوئی، جس سے علاقے کے عوام کو درپیش سفری مشکلات میں کمی آئے گی ایمبولینس کی بحالی کو نوتشکیل شدہ ضلع تمپ میں عوامی خدمت اور صحت کے شعبے میں سہولیات کی بہتری کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے

بقیہ 37

واقعات میں ریسکیو 1122 ملازمین کے فائر فائٹنگ آلات کی عدم سہولیات اور ریسکیو ادارے کے ملازمین کی تنخواہوں کی بندش کے مسئلے کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرا۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا کہ لسبیلہ ڈویژن کے طول وعرض میں انسانی جانیں بچانے والے سب سے بڑے ہنگامی ادارے MERC* ریسکیو 1122 کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے ٹیکنیکل ہیومن ریسورس کو جدید سہولیات فراہم کی جائینگی کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو مرک ایمرجنسی ریسکیو سینٹر کے مانیٹرنگ افیسر نے بریفنگ میں بتایا کہ ادارے کے 128 ریسکیو ملازمین گزشتہ تین مہینوں سے تنخواہوں کے منتظر ہیں کوسٹل ہائی وے اور آر سی ڈی ہائی وے پر مرک ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز میں تعینات ڈرائیورز، ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشنز، فائر ریسکیورز اور کنٹرول روم آپریٹرز سال 2019* سے پروجیکٹ کی بنیاد پر اپنے فرائض انجام دیتے رہے ہیں

بقیہ 38

کمشنر/ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان غلزئی کی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے بلوچستان اصغر علی جمالی نے ادارے کی نمائندگی کرتے ہوئے ورکشاپ میں شرکت کی اور بلوچستان میں ہنگامی حالات کے دوران صاف پانی، صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت کی سہولیات کی فراہمی سمیت پی ڈی ایم اے کے کردار اور اقدامات سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے اصغر علی جمالی نے اپنے خطاب میں کہا کہ پی ڈی ایم اے بلوچستان WASH سیکٹرل گروپ کے لیڈ ادارے کی حیثیت سے قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی صورتحال کے دوران متاثرہ آبادیوں کو صاف پانی، نکاسی آب، صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اے کی ذمہ داریاں صرف ہنگامی صورتحال تک محدود نہیں بلکہ دیرپا اور مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے بھی متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون جاری ہے

بقیہ 39

میں جمعیت علماء اسلام کی عوامی خدمات اور ترقیاتی اقدامات آج بھی واضح طور پر دکھائی دے رہے ہیں، توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ کی تقدیر بدلنے والا ایک تاریخی اور انقلابی منصوبہ ہے جس نے لاکھوں ایکڑ بنجر اراضی کو قابلِ کاشت بنا کر علاقے میں زرعی انقلاب کی بنیاد رکھی اور ہزاروں خاندانوں کے معاشی مستقبل کو محفوظ بنایا، اگر سیاسی بغض، ذاتی مفادات اور نفرت کی سیاست سے بالاتر ہو کر عوامی فلاح و بہبود، اجتماعی مفاد اور صوبے کی ترقی کو ترجیح دی جائے تو بلوچستان کے ہر حلقے میں اسی نوعیت کے عوام دوست اور دوررس نتائج کے حامل منصوبے شروع کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ کے عوام کے وسائل کے جے یو آئی کے نمائندوں نے امین بن کر ان کی امانت کا حق ادا کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ آج بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ایسے بے شمار ترقیاتی منصوبے موجود ہیں جن کے ثمرات سے عوام براہِ راست مستفید ہو رہے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور اس کے نمائندے عوام کی مرہونِ منت ہو کر ایوانوں میں پہنچتے ہیں، اس لیے وہ کسی فرد، گروہ یا طاقت کے نہیں بلکہ اپنے عوام کے سامنے جوابدہ ہیں۔

بقیہ 40

دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں دورہ کمیٹیوں کی جانب سے تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں اور تنظیمی صورتحال پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر اور ضلع کے مختلف علاقوں بالخصوص اغبرگ، نوحصار، پنجپائی اور سمنگلی میں امن وامان کی صورتحال بڑھتی ہوئی چوری و ڈکیتی، منشیات کے رجحان، فحاشی و عریانی اور دیگر شہری و سماجی مسائل پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے مقامی آبادی کو درپیش مشکلات اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ سے متعلق خدشات کا جائزہ لیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ امن وامان کے قیام شہریوں کے تحفظ اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ادارے عملی اقدامات یقینی بنائیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا محب اللہ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا حافظ رشید احمد، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حاجی صالح محمد اور دیگر نے کہا کہ جماعت کی مضبوطی، نظم وضبط کی پابندی اور کارکنوں سے مسلسل رابطے کو یقینی بنانا تحصیل ویونٹ ذمہ داران کی بنیادی ذمہ داری ہے

بقیہ 41

پیش رفت اور معیار کے حوالے سے بریفنگ دی، جبکہ سب ڈویژنل آفیسران نادر علی پہنور اور اصغر علی چنہ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے روپا شاخ تا گوٹھ ہیبرک رند، روپا شاخ تا گوٹھ اللہ ڈتہ اور عبدالمالک رندتا گوٹھ غلام محمد مگسی سمیت دیگر جاری منصوبوں کا موقع پر معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا

بقیہ 42

حوالے سے اپنے تحفظات اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات سے کمشنر کو آگاہ کیا۔ قبائلی وفد نے مختلف چیک پوسٹوں کی افادیت، موجودہ مقامات، فعالیت اور ممکنہ منتقلی سے متعلق امور پر بھی تفصیلی بریفنگ دی۔ قبائلی عمائدین کا کہنا تھا کہ بعض سکیورٹی چیک پوسٹیں علاقے کے امن وتحفظ کیلئے اہم ہیں، تاہم بعض مقامات پر عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چیک پوسٹوں کی منتقلی اور فعالیت کے حوالے سے مقامی آبادی کے تحفظات اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھا جائے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے قبائلی وفد کو مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کو چیک پوسٹوں سے متعلق قبائل کے تحفظات دور کرنے کیلئے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ متعلقہ علاقوں کا موقع پر دورہ کر کے چیک پوسٹوں کی موجودہ صورتحال، ضرورت اور عوام کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا جائے اور اس حوالے سے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں کی منتقلی اور فعالیت سے متعلق زمینی حقائق کا جائزہ لے کر جلد رپورٹ پیش کی جائے۔ ذیشان لاشاری نے کہا کہ علاقے میں امن وامان کے قیام کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 43

کو بجلی کی فراہمی، زائد بلنگ، غلط ریڈنگ، بجلی کے بلوں میں بے ضابطگیوں، تکنیکی خرابیوں اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کیلئے براہِ راست پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں صارفین اپنی شکایات متعلقہ حکام کے سامنے پیش کر سکیں گے۔ ترجمان نے ضلع حب کے تمام متاثرہ صارفین اور عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ کھلی کچہری میں بھرپور شرکت کریں اور اپنی شکایات کے ساتھ متعلقہ دستاویزی ثبوت، بالخصوص بجلی کے بل، سابقہ درخواستوں یا شکایات کی نقول اور دیگر ضروری دستاویزات ہمراہ لائیں، تاکہ شکایات کا موقع پر جائزہ لے کر ان کے ازالے کیلئے ضروری احکامات جاری کیے جا سکیں

بقیہ 44

جس سے حکومتی کارروائی کی شفافیت اور مؤثریت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر کسی اہلکار کی جانب سے چند سو روپے یا کسی بھی مالی فائدے کے عوض قانون کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو کارروائی سے بچنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے تو یہ ایک انتہائی سنگین معاملہ ہے، جس کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ ایسے عناصر نہ صرف سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوتے ہیں بلکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ساکھ اور عوام کے اعتماد کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، متعلقہ سیکیورٹی اداروں اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے خلاف کارروائی کے ساتھ ساتھ مبینہ رشوت ستانی کی شکایات کی بھی مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں

بقیہ 45

کے مقام پر گزشتہ شب کوئٹہ سے نواب شاہ جانے والی مسافر کوچ پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک مسافر محمد جمن کھوسو موقع پر ہی جانبحق جبکہ دیگر تین مسافر شدید زخمی ہوگئے جبکہ ڈاکو لوٹ مار کرنے کے بعد فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئے واقعے میں ہلاک و زخمیوں کو سبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ بھی بھاگ سٹی پولیس تھانے کی حدود حامد بستی کے مقام پر بھاگ سے کوئٹہ جانے والی ویگن کے مسافر کو ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر لوٹ لیا اور فرار ہوگئے

بقیہ 46

، جبکہ منصوبے کے دوران سائیڈ انچارج منشی معشوق علی رمدانی کی نگرانی میں تعمیراتی کام سرانجام دیا گیا، اہلیان گاؤں کے مطابق تعمیر میں معیاری میٹریل استعمال کیا گیا ہے۔ بلیک ٹاپ روڈ کی تکمیل پر اہلیانِ گاؤں محمد پناہ محمد حسنی، عبدالعزیز محمد عمران حسنی، حافظ نثار احمد، عبدالمجید حسنی، عبدالرزاق زہری و دیگر نے سردار محمد ہارون خان جمالی اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ علاقے کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بنیادی سہولیات اور ترقیاتی کاموں کے منتظر تھے۔ انہوں نے کہا کہ سڑک کی عدم دستیابی کے باعث گوٹھ کے مکینوں کو آمد ورفت کے سلسلے میں شدید مشکلات کا سامنا تھا خصوصاً بارشوں کے دوران مشکلات میں مزید اضافہ ہو جاتا تھا۔

بقیہ 47

ریج، اسی طرح محمد بلوچ کو ایس ایس پی خضدار جبکہ دوستین دشتی کو ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق منصور احمد کو ایس پی ڈی کی عہدے سے ہٹا کر سی پی او کو رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ محمد یونس رضا کو ایس پی ڈی تعینات کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 48

میں بزدلانہ قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ سیاسی جمہوری کارکنوں کو ظلم، جبر، دھونس، دھمکیوں اور خوف وہراس سے قومی سیاسی جمہوری جدوجہد سے دستبردار نہیں کرایا جا سکتا اور پارٹی اپنے کارکنوں کا دفاع کرنا جانتی ہے اور دفاع کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی اس واقعہ کی تحقیقات اور واقعہ میں ملوث عناصر کی فوری طور پر گرفتاری کا مطالبہ کرتی ہے اور ملزمان کی عدم گرفتاری کی صورت میں پارٹی سیاسی، آئینی، جمہوری حق محفوظ رکھتی ہے۔

بقیہ 49

وصوبائی اسمبلی کو ایک میمورنڈم ارسال کرتے ہوئے ان سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے پلیٹ فارمز سے پر سندھ کے پرائمری ٹیچرز کے پرائمری سروس اسٹرکچر کی فوری منظوری کے لیے اپنے پلیٹ فارم سے آواز بلند کریں۔ سندھ کے پرائمری اساتذہ کو سروس اسٹرکچر فراہم کرنے میں اپنا تاریخی کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہم سندھ کے پرائمری اساتذہ کی جانب سے آپ کو یہ اہم یادداشت پیش کرتے ہیں کہ سندھ کے پرائمری اساتذہ کے سروس سٹرکچر کا مسئلہ گزشتہ 79 سالوں سے زیرالتوا ہے، جس کی وجہ سے ہزاروں اساتذہ اپنے جائز پروموشن، گریڈ اور سروس کے حقوق سے محروم ہیں۔ اس اہم مسئلے کو حل کرنے کے لیے وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ کی ذاتی کوششوں اور دلچسپی سے سروس سٹرکچر کی سمری پر پیش رفت ہوئی اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اس کی منظوری دی۔ بعدازاں 17 جون 2025 کو قائم کی گئی سروس سٹرکچر کمیٹی نے بھی پرائمری اساتذہ کے سروس سٹرکچر کی متفقہ منظوری دے دی جس کے بعد محکمہ تعلیم سندھ نے ضروری کارروائی مکمل کرتے ہوئے حتمی سمری وزیر تعلیم سندھ کی سفارش کے ساتھ وزیر اعلیٰ سندھ کو ارسال کر دی۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آخری مرحلے پر سیکریٹری خزانہ کی جانب سے اٹھائے گئے اعتراضات سمری کی پیش رفت میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں، جس کے باعث سندھ کے ہزاروں پرائمری اساتذہ ایک بار پھر غیر یقینی اور مایوسی کا شکار ہیں۔ ہمارا مطالبہ کسی نئے مراعات یا غیر معمولی سہولت کا نہیں ہے، بلکہ ان کے جائز خدمات کے حقوق، ترقی اور وقار سے بھرپور مستقبل کا ہے۔ اساتذہ برسوں سے سندھ کے بچوں کی خدمت کر رہے ہیں اور تعلیمی نظام کو مضبوط کر رہے ہیں۔ ہمارے مطالبات، 1. پرائمری اساتذہ کے سروس سٹرکچر کی حتمی سمری پر اٹھائے گئے اعتراضات کو فوری طور پر دور کیا جائے۔ 2. مزید تاخیر کے بغیر سمری کو منظوری کے آخری مرحلے تک لے جانا چاہیے۔ 3. منظور شدہ سروس سٹرکچر کا نوٹیفکیشن جلد از جلد جاری کیا جائے۔ 4. سندھ کے ہزاروں پرائمری اساتذہ کے ساتھ برسوں سے جاری ناانصافی کو ختم کیا جائے۔ 5. منتخب نمائندے اس اہم مسئلے کے فوری حل کے لیے سندھ حکومت اور متعلقہ محکموں سے رابطہ کر کے اپنا آئینی اور نمائندہ کردار ادا کریں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ سندھ کے اساتذہ کے اس جائز مطالبے کو سندھ اسمبلی، سندھ حکومت اور متعلقہ حکام کے سامنے موثر انداز میں پیش کریں گے اور 79 سالوں سے چلے آ رہے اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 50

ملاقات کر کے مطالبہ کیا کہ معذور افراد کو معذور کوٹہ کے تحت ملازمتوں میں حصہ دیا جائے، ہر بار یقین دہانی کرائی جاتی ہے مگر تاحال عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ خالد حسین کھوسہ نے کہا کہ ہم بے بس اور بے سہارا معذور افراد اپنے گھروں کا چولہا جلانے کے لیے سخت پریشان ہیں۔ انہوں نے ایم پی اے صحبت پور اور صوبائی وزیر میر محمد سلیم خان کھوسہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ معذور افراد کو ملازمتوں میں ان کا حق دیا جائے تاکہ ان کی پریشانیوں کا ازالہ ہو سکے۔

بقیہ 51

گزشتہ شب قتل ہونے والے قبائلی شخصیت میر نور ریز خان عمرانی اور انکے محافظ عرض محمد کھوسو کا مقدمہ بابا کوٹ پولیس تھانے میں میڈم تبسم عمرانی ولد مرحوم میر اللہ بخش عمرانی سمیت دیگر افراد زاہد جتوئی عبداللہ عرف فراز بڑرو محمد اکبر عمرانی محمد اسحاق عمرانی خادم عمرانی کے خلاف درج کر لیا گیا ہے پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہے تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی ہے

بقیہ 52

فشریز گوادر شاہ فہد کی نگرانی میں فشریز کی مانیٹرنگ ٹیم نے مختلف کشتیوں اور کانٹیوں میں موجود جالوں کے چمگ سائز کا معائنہ کیا اور ماہی گیروں کو ممنوعہ جال کے استعمال سے سختی سے گریز کرنے کی ہدایت کی محکمہ فشریز کے مطابق جال چمگ سائز 26، 27، 28 اور 114 کے استعمال کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جاری ہے ان کا کہنا تھا کہ ممنوعہ جال کے ذریعے چھوٹی مچھلیوں کے شکار سے مچھلیوں کی افزائش اور سمندری حیات کے قدرتی توازن کو نقصان پہنچتا ہے، جس کے باعث ایسے جالوں کے استعمال کی اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ خلاف ورزی کرنے والے ماہی گیروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی اور اس کی ذمہ داری متعلقہ شخص پر عائد ہوگی۔ محکمہ فشریز کی جانب سے پدی زر پیچ سمیت ساحلی علاقوں میں مانیٹرنگ اور چیکنگ کا عمل جاری رہے گا محکمہ فشریز نے ماہی گیروں سے اپیل کی ہے کہ وہ صرف قانونی اور منظور شدہ جال استعمال کریں، چھوٹی مچھلیوں کے شکار سے گریز کریں اور سمندری حیات کے تحفظ کیلئے محکمہ فشریز سے تعاون کریں۔

بقیہ 53

شرکت کی جبکہ اطلاع ملنے کے باوجود تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے آفیسران غیر حاضر رہے کھلی کچہری میں عوام نے اپنے مسائل مہذب اور مدلل انداز میں پیش کئے علاقہ مکینوں نے بتایا کہ بجلی لوڈ شیڈنگ اور پینے کے صاف پانی کی شدید قلت نے عوام کا جینا دوبھر کر رکھا ہے شعبہ صحت تباہ حالی کا شکار ہے بنیادی مرکزِ صحت ڈسپنسری گزشتہ 15 سالوں سے غیر فعال اور ویران پڑی ہے تعلیمی نظام زبوں حالی کا شکار ہے گورنمنٹ مڈل اسکول شیغالو عرصہ دراز سے بند پڑا ہے جس سے بچوں کا مستقبل تاریک ہو رہا ہے سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار اور ناقابلِ استعمال ہیں متعلقہ ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر چلا گیا ہے امن وامان کے قیام کے لیے لیویز فورس کی فوری بحالی اور تھانہ شیغالو میں پولیس نفری کی کمی کو پورا کیا جائے مال مویشی جو کہ یہاں کے عوام کا ذریعہ معاش ہے کے لیے ادویات اور ویکسین کی عدم دستیابی ایک سنگین مسئلہ ہے انسانی ادویات کی قلت اور نایاب جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار پر فی الفور پابندی عائد کی جائے خانہ بدوشوں کی مشکلات کا ازالہ اور ترقیاتی منصوبوں میں پسماندہ علاقہ شیغالو کو خصوصی ترجیح دی جائے اسسٹنٹ کمشنر کلیم اللہ اور ایف سی حکام نے عوام کے تمام مسائل انتہائی تحمل توجہ اور ہمدردی سے سنیں اور یقین دہانی کرائی گئی کہ ان کے تمام جائز و قانونی مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حکام کے سامنے پیش کیے جائینگے متعلقہ محکمہ جات کو پابند کیا جائے گا کہ وہ جلد از جلد ان مسائل کا سدباب کریں

بقیہ 54

55 جدید لیپ ٹاپس، 2 ایل ای ڈی اسکرینز، سولر سسٹم اور ایئر کنڈیشنز نصب کیے گئے ہیں، جو طلبہ کو جدید تعلیمی و تکنیکی سہولیات فراہم کریں گے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ BSDI کے تحت میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں ڈیجیٹل آئی ٹی لیب کا قیام علاقے کے طلبہ کیلئے ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے وہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کر سکیں گے

بقیہ 55

نے لندن روڈ دالبندین پر واقع آئیڈیل ہیئر ڈریسر کا شاندار افتتاح کیا اس موقع پر وائس چیئرمین تنظیم تاجران دالبندین حافظ محمد اسماعیل گورگیج، ڈاکٹر محمد اشرف حسن زئی، بی این پی کے رہنماء خلیل گلشاد، حاجی عبدالواحد، حذب اللہ ساسولی سمیت شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی اس موقع پر شہریوں نے آئیڈیل ہیئر ڈریسر لندن روڈ دالبندین کے قیام پر مسرت کا اظہار کیا آئیڈیل ہیئر ڈریسر لندن روڈ دالبندین کے منیجر نصیب اللہ ساسولی نے کہا کہ آئیڈیل ہیئر ڈریسر یہاں کے عوام کی خدمت کرنے میں اپنا کردار ادا کرے گی آئیڈیل ہیئر ڈریسر میں بالوں کی کٹائی، شیو، فیشل، گرم حمام اور دیگر سہولیات شامل ہیں آئیڈیل ہیئر ڈریسر کی منتظمین کی جانب سے تمام مہمانوں کے اعزاز میں پرتکلف ٹی پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا

بقیہ 56

ان کی طبی ٹیم زخمیوں کو طبی امداد فراہم کر رہی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کارکنان اور بڑی تعداد میں شہری سول اسپتال پہنچنا شروع ہوگئے، جبکہ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی فضا پیدا ہوگئی۔ فائرنگ کے واقعے کی مزید تفصیلات اور حملہ آوروں سے متعلق معلومات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔ سیوی پولیس واقعے کے بارے مزید تفتیش کر رہی ہے

بقیہ 57

کے حل اور علاقے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ مارکیٹ کمیٹی کے امور میں بہتری کے ساتھ ساتھ عوام کو درپیش مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کیا جا رہا ہے، جبکہ بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی ترقی کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔ دادن خان کانکھیہ کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت اور پسے ہوئے طبقات کے حقوق کے لیے جدوجہد کرتی آئی ہے۔ پارٹی کارکنان اور عوامی نمائندے باہمی تعاون سے علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

بقیہ 58

اور سکیورٹی سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کرنل ماجد نے ہندو برادری کے معززین اور فیسٹیول منتظمین کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہنگلاج ماتا یاترا اور نوراتری فیسٹیول میں ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے زائرین کی جان و مال کے تحفظ کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیسٹیول میں شرکت کے لیے آنے والے زائرین کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنا ترجیح ہے اور بھرپور کوشش کی جائے گی کہ کسی بھی زائر کو دورانِ یاترا کسی قسم کی تکلیف یا مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے فیسٹیول کے دوران سکیورٹی اور دیگر ضروری انتظامات کو بہتر بنانے کے لیے ہندو برادری کے نمائندوں سے بھی تعاون جاری رکھنے کا کہا۔ دورے کے موقع پر کونسلر میونسپل کمیٹی وندر و ہنگلاج ماتا ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ سوسائٹی ورکنگ کمیٹی کے رکن نریش کمار، کرشن لال لاسی، دولت رام، مہاراج سروپ سمیت ہندو برادری کے دیگر معززین بھی موجود تھے۔ ہندو برادری کے رہنماؤں نے کرنل ماجد کی لیاری آمد کا خیرمقدم کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے موقع پر زائرین کی حفاظت اور سہولت کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 59

رہائشی جمشیر کٹوہر نے مبینہ طور پر دو مہمانوں کو چائے میں زہر ملا کر پلا دی جس کے باعث نصراللہ کٹوہر اور لونگ خان کٹوہر کی حالت غیر ہونے پر انکو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں دوران علاج لونگ خان کٹوہر نے دم توڑ دیا جبکہ نصراللہ کٹوہر کو سخت تشویش ناک حالت میں لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جمشیر کٹوہر کو حراست میں لے لیا پولیس کے مطابق ملزم نے پرانی رنجش کی بناء پر چائے میں زہر ملا کر پلا دی پولیس نے ملزم سے تفتیش شروع کر دی

بقیہ 60

فیاض محمود شیخ کی جانب سے استقبالیہ پروگرام مقامی کندن ریسٹورنٹ شکارپور منعقد کیا گیا، جس میں ملک کی نامور تجارتی و کاروباری شخصیات، سیاسی، سماجی اور قبائلی رہنماؤں، صنعتکاروں، تاجروں اور چیمبر کے سابق عہدیداران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے پیٹرن ان چیف ایس۔ ایم۔ تنویر احمد، صدر ایف پی سی سی عاطف اکرام شیخ اور نائب صدر ایف پی سی سی سندھ بلال خان نے بطور خصوصی مہمان شرکت کی۔ معزز مہمانوں کی آمد پر شکارپور چیمبر آف کامرس کے نومنتخب صدر فیاض محمود شیخ اور سینئر نائب صدر لالا سرفراز پٹھان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب کے آغاز میں شکارپور چیمبر آف کامرس کے صدر فیاض محمود شیخ اور سینئر نائب صدر لالا سرفراز پٹھان کی جانب سے معزز مہمانوں کو سندھ کی ثقافتی روایات کی علامت اجرک اور سندھی ٹوپی کے تحائف پیش کیے گئے۔ اس موقع پر سندھ کی ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ مہمانوں اور تاجر برادری کے درمیان محبت، بھائی چارے اور یکجہتی کا بھی اظہار کیا گیا۔ استقبالیہ تقریب میں شکارپور شہر کی مختلف تجارتی تنظیموں، کاروباری حلقوں، سیاسی وسماجی شخصیات، قبائلی رہنماؤں اور معزز شہریوں نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ شکارپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق عہدیداران بھی تقریب میں موجود تھے، جن میں رئیس عمران خان ناپر، نصرت شہزاد مغل، ریوا چند راجپال اور دیگر اہم شخصیات شامل تھیں۔ تقریب کے دوران مہمانوں اور شرکاء کی جانب سے نومنتخب صدر اور نئی کابینہ کو مبارکباد پیش کی گئی اور اس امید کا اظہار کیا گیا کہ نئی قیادت شکارپور کی تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے مؤثر رابطے کرے گی اور شہر میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات اٹھائے گی

بقیہ 61

نے شرکت کی اجلاس میں اکازئی بڑیچ قبائل کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا، جس میں بڑیچ قوم کے یکجہتی اور اتفاق پر بھی خصوصی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کے اختتام مولوی ولی جان بڑیچ کی جانب سے تمام مہمانوں کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام بھی کیا گیا تھا

بقیہ 62

یوسف جان سنجرانی کلب دالبندین کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے شاندار اسٹروکس کھیل کر شائقین سے خوب داد وصول کی۔ مگر ایک دلچسپ مقابلے کے بعد مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی کلب دالبندین نے میچ جیت کر سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا۔ آج کے دلچسپ میچ کے مہمان خاص ای ڈی آئی ایجوکیشن چاغی حمید اللہ نجبی تھے۔ ڈی ایف اے چاغی کے سیکرٹری حاجی عبدالباری بلوچ، انجمن تاجران دالبندین کے صدر ٹکری نور احمد ساسولی، میر محمد حیات نجبی، استاد یوسف ساقی، میونسپل کمیٹی دالبندین کے کونسلر میر عبدالجلیل سمالانی، آغا گل رودینی، میر محمد بلال ساسولی، ماسٹر جلیل ریکی سمیت شائقین کی بڑی تعداد دلچسپ میچ دیکھنے پویلین میں موجود تھی۔ مہمان خاص ای ڈی آئی ایجوکیشن چاغی حمید اللہ نجبی نے ٹورنامنٹ کمیٹی کیلئے نقد 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کر دیا۔ ریفری کے فرائض عبدالوحید نوتیزئی جبکہ اسکورر الہٰی بخش سمالانی اور اناؤنسر ثناء شیر زئی تھے۔

بقیہ 63

افراد اور مال بردار گاڑیوں کی شناخت اور دستاویزات کی تصدیق کا عمل شفاف اور تیز بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر سے جدید نظام کا آغاز کیا جا رہا ہے جس کے تحت تمام مال بردار گاڑیوں کو ای-ٹیگ دیا جائے گا۔ ای-ٹیگ میں گاڑی کی جی ڈی، سامان، بلٹی، روٹ اور دیگر ضروری تفصیلات موجود ہوں گی جبکہ گاڑی مالکان اور ڈرائیورز کو آئی ڈی اور پاس ورڈ بھی فراہم کیے جائیں گے۔ کسٹمز اہلکار کیو آر کوڈ اسکین کر کے چند لمحوں میں گاڑی، اس کے سامان، جی ڈی اور دیگر متعلقہ تفصیلات کی تصدیق کر سکیں گے۔ ڈاکٹر سعید جدون نے بتایا کہ جدید نظام کا آغاز گوادر سے کیا جائے گا جس کے بعد اسے تفتان میں بھی نافذ کیا جائے گا۔ کسٹمز کی جانب سے مال بردار گاڑیوں کے مالکان کو ٹرانسپورٹ آئیڈنٹیفکیشن ڈاکیومنٹس بھی فراہم کیے جائیں گے جن میں گاڑی نمبر، جی ڈی نمبر، گیٹ پاس اور دیگر ضروری معلومات درج ہوں گی۔ ان دستاویزات پر متعلقہ دستخط، اسٹیمپ اور کیو آر کوڈ موجود ہوگا، جس کے ذریعے گاڑی اور اس کے کاغذات کی فوری تصدیق ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس نظام کے نفاذ سے مال بردار گاڑیوں کو بلاجواز روکنے اور غیر قانونی طور پر رقوم طلب کرنے کے عمل کی حوصلہ شکنی ہوگی جبکہ قانونی تجارت سے وابستہ افراد کو اپنی تجارت جاری رکھنے میں سہولت ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ پکڑی جانے والی گاڑیوں اور ان میں موجود مال کے حوالے سے بھی محکمہ کسٹمز کی جانب سے کام جاری ہے اور بہت جلد ہفتہ وار بنیادوں پر ضبط کیے جانے والے مال کی نیلامی کا عمل شروع کر دیا جائے گا

مختصر اشتہارات

تلاش گمشدہ

میرے میٹرک کے DMC بنام پراتھنا کماری بنت دیوی داس رول نمبر 475921 میں میری تاریخ پیدائش غلطی سے 2007-11-7 درج کی گئی ہے جبکہ میری درست تاریخ پیدائش 2008-11-7 ہے درستگی کیلئے مشتہر ہے

المشتہر:۔ پراتھنا کماری بنت دیوی داس
فون نمبر 03337484636

بقیہ 64

قابو ہو گیا ہے ہر گزرتے دن اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ سامنے آ رہا ہے جس سے عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں ایل پی جی فی کلو 370 سے بڑھ کر 450 روپے جبکہ پیٹرول فی گیلن 11 سو روپے ڈیزل فی گیلن 13 سو روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے اسی طرح آٹا اور دوائیوں کے ریٹ میں بھی نمایاں اضافہ سامنے آیا ہے شہریوں کے مطابق ایل پی جی پٹرول اور ڈیزل چونکہ ایران سے آ رہے ہیں ان میں بے تحاشہ اضافہ سمجھ سے بالاتر ہے بارڈر سے آنے والی پٹرولیم مصنوعات کے ثمرات عام لوگوں تک پہنچ جائیں پنجگور میں اشیاء ضروریہ اور خوردنی چیزوں میں ہر گزرتے دن اضافہ سے عام شہریوں کے ساتھ مزدور اور چھوٹے تنخواہ دار طبقہ شدید متاثر ہیں بچوں کے اسکولوں کے اخراجات اور ہیلتھ کے مسائل بھی دگرگوں ہو گئے ہیں ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کو چاہئے کہ وہ ایل پی جی اور پٹرول ڈیزل کی قیمتوں کو کنٹرول کر کے عوام کو ریلیف دلائیں

بقیہ 65

واقعے کے دوران مسلح افراد نے بینک کے سیکیورٹی گارڈ پر فائرنگ بھی کی، تاہم ملزمان کی شناخت، لوٹی گئی رقم کی مالیت اور فرار ہونے کی سمت سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔ تاہم ابتدائی اطلاعات کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق سوموار کے روز تقریباً 10 بج کر 40 منٹ پر چھ مسلح افراد تین موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر دریجی کے بینک الحبیب پہنچے۔ ذرائع کے مطابق ملزمان نے بینک کے باہر موجود سیکیورٹی گارڈ پر فائرنگ کی جس کی نتیجے میں سیکیورٹی گارڈ فرار ہو گیا

بقیہ 66

مفتی حافظ قبلہ سائیں محمد قاسم مشوری رحمت اللہ علیہ نے اپنا لعاب میری آنکھ پر رکھا اور فرمایا فکر نہ کر آپ بالکل ٹھیک اور صحت مند ہیں۔ اس نے حلفا کہا کہ جس آنکھ میں تیزاب گرا اور آنکھ ضائع ہو رہی تھی اس میں اتنی طاقت اور قوت آ گئی ہے کہ وہ پہلے سے بھی زیادہ روشنی دینے لگی ہے۔ دوسری آنکھ اس وقت کمزور ہے لیکن ولی اللہ عارف باللہ مرشد پاک کے لعاب سے برکت والی آنکھ اب روشن نور کا مظہر بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اولیاء اللہ کا فیضان قیامت تک جاری وساری رہے گا اور درگاہ کا یہ روحانی مرکز خانقاہ ہے۔ عظیم بزرگانِ دین، اولیاء اللہ کی انتھک محنت اور طویل مشقت کے ساتھ ساتھ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے لازوال عشق ومحبت دین میں مستغرق اور فنا ہونے کا ثمر ہے۔ اولیاء اللہ کے روحانی مقامات اللہ کے ذکر کا محور اور مرکز ہیں۔ نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ اولیاء اللہ صوفیائے کرام کے بتائے ہوئے راستے پر چل کر دنیا و آخرت سنواریں۔

بقیہ 67

مہمان پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، مرکزی فنانس سیکرٹری اختر حسین لانگو تھے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری احمد نواز بلوچ، بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل صمند بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین چیئرمین واحد بلوچ، ثناء بلوچ، حاجی باسط لہڑی، ضلع کوئٹہ کے آرگنائزر حاجی وحید لہڑی، آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبر فریدہ بلوچ، ڈاکٹر علی احمد قمبرانی، حاجی ابراہیم پرکانی، نعمت مظہر ہزارہ، شہید آغا خالد شاہ کے فرزند آغا عرفان شاہ دلسوز نے خطاب کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض میر وائس مینگل نے سرانجام دیئے تلاوت کلام پاک کی سعادت مولوی محمد عیسیٰ بنگلزئی نے حاصل کی اس موقع پر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران ملک محمد ساسولی، میر مقبول لہڑی، ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبران میر نصیر مینگل، ناصر جان قمبرانی، کاول خان مری، سلیم چند، ملک ابراہیم شاہوانی، بی ایس او کے زونل صدر کبیر بلوچ، جان محمد مینگل، میر الطاف شاہوانی، رضا جان شاہی زئی، بہرگ شاہ ایڈووکیٹ دلسوز، چیئرمین اقبال لہڑی، بکری شکور لہڑی، احتشام مسیح و دیگر بھی موجود تھے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید خالد شاہ بہادر، جرات مند، بااصول، ثابت قدم، مستقل مزاجی پارٹی کے رہنماء تھے ان کی قربانیاں، ثابت قدمی رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گے شہید سلام ایڈووکیٹ، لیاقت مینگل، شہید عاصمہ بلوچ جو ڈیتھ سکواڈ کی بربریت کا نشانہ بنے اور انہیں شہید کیا گیا شہداء یقیناً آج ہم میں نہیں لیکن ان کا فکر، فلسفہ، نظریہ پارٹی کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے بلوچ قومی جہد میں مختلف ادوار میں آمر حکمرانوں کا سیسہ پلائی دیوار بن کر مقابلہ کیا آج بلوچستان میں ظلم وجبر، انسانی حقوق کی پامالی، ننگ وناموس کی بے حرمتی کے خلاف ثابت قدمی کے ساتھ جدوجہد کو پروان چڑھا رہے ہیں راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل، میر غوث بخش بزنجو، شہید اکبر بگٹی، نواب خیر بخش مری سمیت جتنے اکابرین تھے انہوں نے حق وسچائی، ناانصافیوں کے خاتمے کی راہ دکھائی اور بے شمار قربانیاں دیں آج بھی سردار اختر جان مینگل کیخلاف جو ہرزہ سرائی کی جا رہی ہے کہ اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ انہوں نے بلوچ قومی حقوق کی جدوجہد کو پروان چڑھاتے ہوئے سیاسی اسیران کی رہائی کیلئے آواز اٹھائی بی این پی قومی جماعت ہونے کے ناطے اپنی قومی، جمہوری ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں مقررین نے کہا کہ آج یہاں جتنے دوست بیٹھے ہیں یہ بلوچ، پشتون ودیگر اقوام کے حقوق کی جدوجہد میں شامل ہیں اقوام کے حقوق کے جدوجہد کو آگے بڑھاتے ہوئے شہداء کی قربانیوں کو یاد رکھا جائے گا بی این پی بھی مسائل کے حل کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی

بقیہ 68

میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری کمرشل اراضی کو غیر قانونی قبضے سے واگزار کرا لیا گیا۔ واگزار کرائی گئی اراضی رکنی ماڈل بازار کیلئے مختص ہے، جہاں تعمیراتی و ترقیاتی کام جاری ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے کارروائی کی گئی تاکہ ماڈل بازار کے منصوبے پر ترقیاتی کام مقررہ رفتار کے مطابق جاری رکھے جا سکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی نے کہا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، سرکاری زمین پر کسی بھی قسم کے غیر قانونی قبضے اور تجاوزات کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ واگزار کرائی گئی اراضی کی نگرانی یقینی بنائی جائے اور دوبارہ تجاوزات قائم نہ ہونے دی جائیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق رکنی ماڈل بازار کی تکمیل سے شہریوں اور تاجروں کو بہتر، منظم اور سہل تجارتی سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ تجاوزات کے خاتمے سے شہر کی خوبصورتی، ٹریفک کے نظام اور مجموعی نظم ونسق میں بھی بہتری آئے گی۔

بلوچستان آبزرور

پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

آپریشنل ریسرچ کو صوبائی نظامِ صحت کا باقاعدہ حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، مجیب الرحمٰن

سائنسی تجزیے اور مؤثر حل کیلئے آپریشنل ریسرچ کو صوبائی نظامِ صحت کا باقاعدہ حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے بلوچستان میں صحت کے نظام کو مزید مؤثر، مضبوط اور شواہد پر مبنی بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کی نشاندہی، ان کے سائنسی تجزیے اور مؤثر حل کیلئے آپریشنل ریسرچ کو صوبائی نظام صحت کا باقاعدہ (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی سے میر محمد یعقوب خان کھوسہ کی ملاقات

چھتر (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ اور پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

جمہوریت صرف انتخابات نہیں بلکہ آئین کی بالادستی، احترام اور ووٹ کے فیصلے کو تسلیم کرنے کا نام ہے، جمال شاہ کاکڑ

محکمہ صحت میں تحقیق کے کلچر کو فروغ دینے کیلئے تربیت، رہنمائی اور ادارہ جاتی معاونت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

جمہوری معاشرے کی مضبوطی کے لیے آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار اور عوام کے حقِ رائے دہی کا احترام ناگزیر ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں بلکہ ایک سوچ، رویے اور مسلسل جدوجہد کا نام ہے، جمہوریت عوام کے حقِ انتخاب، آئین کی بالادستی، پارلیمان کے احترام، سیاسی اختلاف کو برداشت کرنے اور ووٹ کے فیصلے کو تسلیم کرنے کا نام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ پر (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

ملک نعیم خان بازئی کی قیادت میں بازئی قبائل کے ایک وفد کی کمشنر کوئٹہ سے ملاقات

چیک پوسٹوں کی منتقلی اور فعالیت کے حوالے سے مقامی آبادی کے تحفظات اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھا جائے

کوئٹہ (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کی قیادت میں بازئی قبائل کے ایک وفد نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری سے ملاقات کی، جس میں اغبرگ اور نوحصار میں قبائل کو درپیش مسائل، امن و امان کی صورتحال اور سکیورٹی چیک پوسٹوں سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران قبائلی معتبرین نے سکیورٹی چیک پوسٹوں کے (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم این اے میر پھلین بلوچ ملاقات کررہے ہیں

کچھی، مچھی اور بھاگ ناڑی میں مسلح ڈاکوؤں کی لوٹ مار، مسافر کوچ پر فائرنگ سے ایک مسافر جاں بحق، تین زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی، مچھی اور بھاگ ناڑی میں ڈاکوؤں کی لوٹ مار اور مسافر کوچ پر فائرنگ ایک مسافر جاں بحق جبکہ تین زخمی ہوگئے ڈاکو لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق کچھی پولیس تھانہ حاجی شہر کی حدود مچھی (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہریوں کے خلاف کارروائی

مبینہ رشوت ستانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف بھی سخت ایکشن کا مطالبہ

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہریوں کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی جانب سے کارروائی کا سلسلہ شروع کیے جانے پر شہری حلقوں نے اس اقدام کو قانون کی عملداری اور حکومتی ہدایات پر عملدرآمد کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ تاہم شہریوں اور مختلف حلقوں کی جانب سے یہ شکایات بھی سامنے آرہی ہیں کہ کارروائی کے دوران بعض اہلکار مبینہ طور پر معمولی رقم کے عوض غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو چھوڑ دیتے ہیں، (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

فیصل جمالی نے حلقہ انتخاب کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے جال بچھا دیے ہیں، محمد پناہ

علاقے میں دیگر بنیادی منصوبوں کی فراہمی کے لیے بھی عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

گنداخہ: (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی کے ایم پی اے فنڈز اور سردار محمد ہارون خان جمالی کی تجویز پر حلقہ انتخاب کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے جال بچھا دیے گئے ہیں جبکہ گوٹھ محمد پناہ محمد حسنی میں بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر کا منصوبہ مکمل کرلیا گیا، سڑک کی تعمیر کا کام کنٹریکٹر حاجی فضل الٰہی بنگلزئی نے مکمل کیا (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس میں تبادلے و تعیناتیاں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس میں اعلیٰ افسران کے تبادلے و تعیناتیوں کے احکامات جاری کردیئے گئے۔ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر خان ناصر کو ڈی آئی جی ٹیکنیکل اینڈ ٹرانسپورٹ، سی پی او کوئٹہ تعینات کیا گیا ہے، جبکہ شاہد ابن مسیح کو ڈی آئی جی مکران رینج گوادر تعینات کردیا گیا۔ عمران قریشی کو ڈی آئی جی خضدار (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

پارٹی کارکنوں پر بزدلانہ قاتلانہ حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں پارٹی ضلع سبی کے صدر ڈاکٹر سید نور احمد شاہ نحجک اور پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع سبی کے سیکرٹری سید اسماعیل شاہ پر سبی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر میر کبیر محمد شہی سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، صدر میر عبدالسلام لانگو اور جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی ملاقات کررہے ہیں

آئیڈیل ھیئر ڈریسر لندن روڈ دالبندین کا افتتاح

دالبندین (نامہ نگار علی احمد) تنظیم تاجران و انجمن تاجران دالبندین کے صدر حاجی آغا محمد حسنی، سماجی رہنماء غلام قادر ساسولی (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

سیوی کے نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سیوی کے صدر سمیت 2 افراد زخمی

زخمی ہونے والے دونوں افراد کو فوری طور پر سول اسپتال سیوی منتقل کردیا گیا

سیوی (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں پر فائرنگ، دو افراد زخمی، لونی روڈ پر فائرنگ کے واقعے میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سیوی کے صدر سید نور احمد شاہ نحجک اور پی ایس او کے صدر سید اسماعیل شاہ زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ کا واقعہ لونی روڈ پر پیش آیا، جس کے بعد حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے۔ فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے دونوں افراد کو فوری طور پر سول اسپتال سیوی منتقل کردیا گیا، جہاں ایم ایس ڈاکٹر جہانزیب بلوچ اور (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی ترقی کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔ دادن خان کانگھیہ

میر محمد بلال صادق عمرانی عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور تحصیل چھتر، یوسی کلیچی کھبڑ واہ کے سرگرم کارکن دادن خان کانگھیہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد کے ڈویژنل صدر و مارکیٹ کمیٹی نصیرآباد کے چیئرمین میر محمد بلال صادق عمرانی کی قیادت میں نصیرآباد میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے، جس کے مثبت اثرات عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر محمد بلال صادق عمرانی عوامی مسائل (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر رکھنی کی تجاوزات کے خلاف کارروائی، 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری اراضی واگزار

بارکھان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی کی زیرنگرانی رکنی شہر میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی عمل (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

اولیاء اللہ کا فیضان قیامت تک جاری رہے گا، محمد حسن خاصخیلی

اولیاء اللہ کے روحانی مقامات اللہ کے ذکر کا محور اور مرکز ہیں

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) اولیاء اللہ کا فیضان قیامت تک جاری رہے گا۔ پاکستان کے مشہور روحانی درگاہ مشوری شریف کے مزار پر حاضری کے بعد جیکب آباد کے 85 سالہ ضعیف العمر شخص محمد حسن خاصخیلی نے کہا کہ میں آپ کے سامنے کھڑا ہوں۔ انتہائی خطرناک چیز تیزاب میری دائیں آنکھ میں گر گیا۔ میں اور میرے گھر والے بہت شدید پریشان تھے لیکن ولی کامل حضرت (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

حب کی تحصیل دریجی میں نامعلوم مسلح افراد بینک لوٹ کر فرار

اوتھل (این این آئی) ضلع حب کی دور افتادہ تحصیل دریجی میں دن دہاڑے مسلح افراد نے بینک الحبیب کی برانچ میں مبینہ طور پر لوٹ مار کی اور کارروائی کے بعد فرار ہوگئے۔ دریجی میں مسلح افراد کی بینک ڈکیتی، چھ ملزمان تین موٹر سائیکلوں پر سوار ہوکر فرار ہونے میں کامیاب، (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

شہید خالد شاہ بہادر، جرات مند، بااصول، ثابت قدم، مستقل مزاجی پارٹی کے رہنماء تھے، نصیر شاہوانی

بی این پی قومی جماعت ہونے کے ناطے اپنی قومی، جمہوری ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں، آغا حسن ایڈووکیٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام شہید آغا خالد شاہ دلسوز، شہید سلام ایڈووکیٹ، کمسن شہید عاصمہ بلوچ، لیاقت مینگل کی برسی کی مناسبت سے کلی جیو سادات ہاؤس میں تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا تعزیتی ریفرنس کی صدارت شہداء کی تصاویر سے کرائی گئی جبکہ مہمان خاص پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری ملک نصیر احمد شاہوانی، اعزازی (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نصیرآباد، سرکاری ملازمین کی ترقی اور محکمانہ امور میں بہتری کا سلسلہ جاری

پرموشن کے منتظر مزید 17 پٹواریوں کو قانون گوز B.9 سے B11 کے عہدے پر تعیناتی کے آرڈرز تقسیم

نصیرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور ایس ایم بی آر قمبر دشتی کے احکامات کی روشنی میں نصیرآباد ڈویژن میں سرکاری ملازمین کی ترقی اور محکمانہ امور میں بہتری کا سلسلہ جاری ہے، اس حوالے سے کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے 2017 سے پرموشن کے منتظر مزید 17 پٹواریوں کو قانون گوز B.9 سے B11 کے عہدے پر تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کر دیے۔ اس موقع پر کمشنر افس کے سپرنٹنڈنٹس بابو عبدالصمد کھوسہ اور بابو شیر اللہ کھوسہ بھی موجود تھے اس موقع پر کمشنر نصیرآباد نے ترقی پانے والے ملازمین (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

محکمہ فشریز کا غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف کارروائیاں تیز

محکمہ فشریز کی جانب سے پدی زر بیچ سمیت ساحلی علاقوں میں مانیٹرنگ اور چیکنگ کا عمل جاری رہے گا

گوادر (خ ن) محکمہ فشریز نے غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرتے ہوئے گوادر کے سمندر پدی زر بیچ پر کشتیوں اور کائیکوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے ڈائریکٹر فشریز میرین احمد ندیم کی ہدایت اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر شاہ فہد کی نگرانی میں فشریز کی مانیٹرنگ ٹیم نے مختلف کشتیوں اور کائیکوں میں موجود جالوں کے (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

رکنی، تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی

بارکھان/ رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی کی زیرنگرانی رکنی شہر میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری کمرشل اراضی کو غیر قانونی قبضے سے واگزار کرالیا گیا۔ واگزار کرائی گئی اراضی رکنی ماڈل بازار کیلئے مختص ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کو نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی میں میزبانوں کی جانب سے شیلڈ پیش کی جارہی ہے

اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں کھاد ڈیلرز کا اہم اجلاس

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں کھاد ڈیلرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع نصیرآباد میں کھاد کی دستیابی، نقل و حمل، سرکاری سطح پر بنائے گئے پورٹل کے ذریعے کھاد کی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

تمام ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، وریندر لعل

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے ضلع نصیرآباد میں مواصلات و تعمیرات روڈز کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر مواصلات و تعمیرات روڈز بوستان خان چانڈیو نے ڈپٹی کمشنر کو مختلف ترقیاتی منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام، (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ٹیکنیکل ہیومین ریسورس کو جدید سہولیات فراہم کی جائینگی، سائرہ عطاء

ادارے کے 128 ریسکیو ملازمین گزشتہ تین مہینوں سے تنخواہوں کے منتظر ہیں

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ ہنگامی حالات میں اور خاص طور پر موجودہ سکیورٹی صورتحال کے تناظر میں ایمرجنسی ریسکیو سینٹر 1122 کی خدمات قابل تحسین ہیں لسبیلہ ڈویژن کی انتظامیہ ریسکیو ادارے کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کرے گی یہ بات انہوں نے پیر کے روز کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے حب کیمپ آفس میں ایمرجنسی ریسکیو سینٹر ملازمین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ نے کوسٹل ہائی وے اور آر سی ڈی شاہراہ ہر آتشزدگی کے (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

کے الیکٹرک صارفین کے مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے 2 اکتوبر کو کھلی کچہری منعقد ہوگی

کوئٹہ (خ ن) دفتر الیکٹرک انسپکٹر، محکمہ توانائی بلوچستان، حب کے زیر اہتمام کے الیکٹرک کے صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے 2 اکتوبر 2026ء کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ محکمہ توانائی کے ترجمان کے مطابق کھلی کچہری کا مقصد ضلع حب کے کے الیکٹرک صارفین (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

سٹی وائیڈ انکلیوسیو سینیٹیشن کی صورتحال کے تجزیے سے متعلق اسٹیک ہولڈرز کنسلٹیٹو اینڈ ڈیسیمینیشن ورکشاپ

پی ڈی ایم اے کی ذمہ داریاں صرف ہنگامی صورتحال تک محدود نہیں، جہانزیب خان غلزئی

کوئٹہ (خ ن) سٹی وائیڈ انکلیوسیو سینیٹیشن (CWIS) کی صورتحال کے تجزیے سے متعلق اسٹیک ہولڈرز کنسلٹیٹو اینڈ ڈیسیمینیشن ورکشاپ کا انعقاد مقامی ہوٹل کوئٹہ میں کیا گیا، جس کا اہتمام بلوچستان میں عوامی خدمت اور فلاحی سرگرمیوں کیلئے کام کرنے والی قومی غیر سرکاری تنظیم HOPE کے زیر اہتمام کیا گیا۔ ورکشاپ میں سرکاری محکموں، انسانی ہمدردی کے شراکت داروں، غیر سرکاری تنظیموں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ریلیف (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ کی تقدیر بدلنے والا ایک تاریخی اور انقلابی منصوبہ ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی در و دیوار اور اس کے طول و عرض (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی راحیلہ درانی اور سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

شہری آبادی کا تحفظ، بالخصوص خواتین اور بچوں کی سلامتی، ہر صورت مقدم ہونی چاہیے، ظہور احمد بلیدی

انسانی جانوں، خصوصاً خواتین اور بچوں کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات انتہائی افسوسناک اور دلخراش ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے بلیدہ میں ایک گھر پر راکٹ حملے کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت انسانی جانوں کے ضیاع کی اطلاعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایکس (X) پیغام میں میر ظہور بلیدی نے کہا کہ انسانی جانوں، خصوصاً خواتین اور بچوں کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات انتہائی افسوسناک اور دلخراش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہری آبادی کا تحفظ، بالخصوص خواتین اور بچوں کی سلامتی، ہر صورت (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تمپ کی ایمبولینس کی مرمت مکمل عوامی سہولت کیلئے دوبارہ بحال

ہنگامی طبی ضروریات کے دوران ایمبولینس کی دستیابی بھی ممکن ہوگی

تمپ (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ ڈاکٹر نوروز یعقوب کی خصوصی دلچسپی اور مؤثر اقدامات کی بدولت ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تمپ کی ایمبولینس کو مرمت مکمل کر کے عوامی سہولت کیلئے دوبارہ بحال کر دیا گیا ہے۔ ایمبولینس کی بحالی سے علاقے کے مریضوں (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی مسلح افواج مسلسل دہشتگردی کیخلاف جنگ میں مصروف ہیں، ظہور بلیدی

خطے میں پائیدار امن کیلئے الزام تراشی کے بجائے قابلِ تصدیق شواہد، ذمہ دارانہ طرزِ عمل اور باہمی تعاون کو ترجیح دینا ہوگا

صوبائی وزیر نے نورستان کے واقعے سے متعلق افغان وزارتِ دفاع کی جانب سے پاکستان پر عائد الزامات کو سختی سے مسترد کردیا

کوئٹہ (خ ن) وزیرِ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے نورستان کے واقعے سے متعلق افغان وزارتِ دفاع کی جانب سے پاکستان پر عائد الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان خود گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کا شکار رہا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے اپنے ایکس (X) پیغام میں کہا کہ افغان حکام کو پاکستان کے خلاف الزامات عائد کرنے کے بجائے قابلِ اعتماد اور قابلِ (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

جمعیت کوئٹہ کی ضلع مجلسِ عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس

شہریوں کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کرنا ریاستی و انتظامی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلسِ عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیر صدارت ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جماعتی امور بالخصوص 8 اکتوبر کو منعقد ہونے والے ضلعی مجلسِ عمومی کے اجلاس کی تیاریوں اراکین تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اور (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری کھیل وامور نوجوانان درا بلوچ، ڈائریکٹر امور نوجوانان سجاد اسلم بلوچ و دیگر مقررین صوبائی یوتھ پالیسی ڈائیلاگ اینڈ کمٹمنٹ فورم کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

اساتذہ برسوں سے سندھ کے بچوں کی خدمت کررہے ہیں، حاجی شفیع محمد سٹھیو

اساتذہ برسوں سے سندھ کے بچوں کی خدمت کررہے ہیں اور تعلیمی نظام کو مضبوط کررہے ہیں

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) سندھ کے پرائمری اساتذہ کو سروس سٹرکچر فراہم کرنے کیلئے آل سندھ پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن (پی ٹی اف) کے مرکزی صدر حاجی شفیع محمد سٹھیو نے سندھ کے تمام منتخب نمائندوں، اراکین قومی (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

معذور افراد کو معذور کوٹہ کے تحت ملازمتوں میں حصہ دیا جائے، خالد حسین کھوسہ

ہم بے بس اور بے سہارا معذور افراد اپنے گھروں کا چولہا جلانے کے لیے سخت پریشان ہیں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) آوازِ معذوران ضلع صحبت پور کے ضلعی صدر خالد حسین کھوسہ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ہم ایم پی اے صحبت پور اور صوبائی وزیر میر محمد سلیم خان کھوسہ کے ووٹر اور سپورٹر ہیں، ہم غریبوں کی دعاؤں سے وہ ہر الیکشن میں کامیاب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے متعدد بار آوازِ معذوران کے پلیٹ فارم سے ایم پی اے صحبت پور سے (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

قبائلی رہنما میر نوریز خان عمرانی اور انکے محافظ کے قتل کا مقدمہ شبنم عمرانی سمیت چھ افراد کے خلاف درج کرلیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو بابا کوٹ میں قبائلی شخصیت میر نوریز خان عمرانی اور انکے محافظ کے قتل کا مقدمہ شبنم عمرانی سمیت چھ افراد کے خلاف درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق تمبو بابا کوٹ موضع صوبھانی کے ایریا میں (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

محکمہ فشریز نے غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کردیں

گوادر (این این آئی) محکمہ فشریز نے غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرتے ہوئے گوادر کے سمندر پدی زر بیچ پر کشتیوں اور کائیکوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری تھے ڈائریکٹر فشریز میرین احمد ندیم کی ہدایت اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

شیغالو تحصیل کاکڑ خراسان میں عوامی مسائل کے حل کیلئے ایک کھلی کچہری

سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار اور ناقابلِ استعمال ہیں متعلقہ ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر چلا گیا ہے، علاقہ مکین

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) ضلعی انتظامیہ اور ایف سی کی اشتراک سے شیغالو تحصیل کاکڑ خراسان میں عوامی مسائل کے حل کیلئے ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر کلیم اللہ نے کی کھلی کچہری میں ایف سی بلوچستان ایس ایچ او تھانہ شیغالو محمد یاسین تفتیشی آفیسر ولی خان محکمہ لائیو اسٹاک کے نمائندے قبائلی معتبرین علماء کرام اور علاقہ مکینوں نے (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر سیوی کا میر چاکر خان رند یونیورسٹی کا دورہ

سیوی میں تعلیمی و تکنیکی بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیلئے مزید اقدامات کیے جائیں گے، الیاس کبزئی

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے میر چاکر خان رند یونیورسٹی (MCKRU) کا دورہ کیا، جہاں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ سے تفصیلی ملاقات کی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی میر بہادر خان بنگلزئی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت یونیورسٹی میں قائم کی گئی ڈیجیٹل آئی ٹی لیب کا تفصیلی معائنہ کیا۔ لیب میں (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)



وندر 2 لاکھ گیلان واٹر ٹینک منصوبہ ٹھیکیدار کی نااہلی کے باعث ادھورا پڑا ہوا ہے

وندر 2 لاکھ گیلن واٹر ٹینک منصوبہ ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت و عدم دلچسپی کے باعث تعطل کا شکار

ادھورا ٹینک سوالیہ نشان بن گیا چھت کہاں گئی؟ کس نے نگل لی؟ کوئی پتہ نہیں منصوبے میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف

عوامی مفاد میں شروع کیے گئے منصوبے کو آخر کس وجہ سے ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے، عوامی حلقے

سونمیانی وندر (رپورٹ۔ زبیر بلوچ) وندر، 2 لاکھ گیلن واٹر ٹینک منصوبہ ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت و عدم دلچسپی کے باعث تعطل کا شکار ادھورا ٹینک سوالیہ نشان بن گیا چھت کہاں گئی؟ کس نے نگل لی؟ کوئی پتہ نہیں منصوبے میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء اور ڈپٹی کمشنر ضلع حب جمعداد خان فوری نوٹس لے کر منصوبے کا کام دوبارہ شروع کروائیں ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت پر سخت (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

لسبیلہ کے پسماندہ علاقے لیاری میں پاک فوج کے افسر کرنل ماجد کا خصوصی دورہ

مذہبی تہوار کے موقع پر زائرین کے تحفظ اور سہولت کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابلِ قدر ہیں

سونمیانی وندر (پ ر) لسبیلہ کے پسماندہ علاقے لیاری میں پاک فوج کے افسر کرنل ماجد نے خصوصی دورہ کرتے ہوئے تاریخی ماتا مندر اور دربار صاحب کا جائزہ لیا اور ہندو برادری کے معززین و ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران آنے والے ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے انتظامات زائرین کی سہولت (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی، زہریلی چائے پینے سے ایک شخص ہلاک دوسرا تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں زہریلی چائے پینے سے ایک شخص ہلاک جبکہ دوسرے کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق صدر پولیس تھانے کی حدود گوٹھ عبدالفتاح کھوسو کے (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

فیاض محمود شیخ اور دیگر عہدیداران کا تاجر برادری کے حقوق کیلئے مل کر کام کرنے کا عزم

نئی قیادت شکارپور کی تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے مؤثر رابطے کرے گی

شکارپور (رپورٹ شاہد گولہ) پیٹرن ان چیف چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) ایس ایم تنویر، صدر ایف پی سی سی آئی (FPCCI) کے صدر عاطف اکرام شیخ، نائب صدر ایف پی سی سی سندھ بلال خان کے اعزاز میں شکارپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری صدر (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

لسبیلہ کے پسماندہ علاقے لیاری میں پاک فوج کے افسر کرنل ماجد کے دورہ کے موقع پر ہندو برادری کے معززین کا گروپ فوٹو

اکازئی بڑیچ قبائل کے کمیٹی ممبران کا ماہانہ اجلاس

بڑیچ قوم کے یکجہتی اور اتفاق پر بھی خصوصی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) اکازئی بڑیچ قبائل کے کمیٹی ممبران کا ماہانہ اجلاس حاجی میر عرض محمد بڑیچ کی صدارت میں مولوی ولی جان بڑیچ کے رہائش گاہ واقع کوئٹہ میں منعقد ہوا جس میں حاجی میر عرض محمد بڑیچ، سردار حاجی محمد گل بڑیچ نجیب اللہ بڑیچ، محمد جمیل بڑیچ، دوست محمد بڑیچ، حاجی رحمت اللہ بڑیچ، داود بڑیچ، حاجی عین الدین بڑیچ، عمران بڑیچ گل بدین بڑیچ لعل محمد بڑیچ (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

سید شراف آغا کے زیر صدارت پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ کی ایگزیکٹیوز کا اجلاس 30 ستمبر کو ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اقبال خان بےزئی نے شرکت کی۔

پنجگور میں ایل پی جی اور دیگر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

خوردنی چیزوں میں ہر گزرتے دن اضافہ سے عام شہریوں کے ساتھ مزدور اور چھوٹے تنخواہ دار طبقہ شدید متاثر ہیں

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں ایل پی جی اور دیگر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عام شہری قیمتوں میں ہائے دن اضافہ ہونے سے شدید مشکلات کا شکار ہوگئے تنخواہ دار اور مزدور طبقے کی چیخیں نکل گئیں تفصیلات کے مطابق پنجگور میں مہنگائی کا جن بے (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ

مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی کلب دالبندین نے میچ جیت کر سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا

دالبندین (نامہ نگار علی احمد) پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ بمقام مرحوم صفدر جان سنجرانی شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین کے سلسلے میں ایک شاندار اور دلچسپ میچ مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی کلب اور دفعدار (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ کے میچ کے موقع پر مہمان خصوصی کھلاڑیوں سے مصافحہ کررہے ہیں

گوادر سے جدید نظام کا آغاز، تمام مال بردار گاڑیوں کو ای-ٹیگ دیا جائے گا

قانونی تجارت کرنے والوں کیلئے مشکلات پیدا کرنے والے عناصر جعلی جی ڈیز اور اسمگلنگ میں ملوث ہوتے ہیں، سعید جدون

کوئٹہ (این این آئی) حکومت کی جانب سے کسٹمز اور دیگر امور کیلئے مقرر کردہ سینئر کنسلٹنٹ ڈاکٹر سعید جدون نے کہا ہے کہ مال بردار گاڑیوں کی جی ڈیز، نقل و حمل اور دیگر مسائل کے حل کیلئے آئندہ تین سے چار ماہ کے دوران جدید نظام متعارف کرایا جا رہا ہے جس سے قانونی تجارت مزید سہل ہوگی اور مال بردار گاڑیوں کو بلاجواز روکنے اور انہیں بے جا تنگ کرنے کا سلسلہ ختم کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ قانونی تجارت کرنے والوں کیلئے مشکلات پیدا کرنے والے عناصر جعلی جی ڈیز اور اسمگلنگ میں ملوث ہوتے ہیں تاہم نئے نظام کے ذریعے قانونی تجارت کرنے والے (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)